اقبال ریویو

اقبال اکیڈمی حیدرآباد کا سہ ماہی رسالہ

جولائی - اکتوبر ۱۹۷۸ء

اقبال اکیڈمی

"مدینہ منشن"، نارائن گوڑہ، حیدرآباد، آندھرا پردیش (انڈیا)

بدل اشتراک

ہندوستان۔

زر سالانہ (چار شماروں کیلئے)	......	۱۶ روپئے
قیمت فی شمارہ	....	۵ روپئے

بیرونی ممالک (چار شماروں کیلئے)

ذریعہ ہوائی ڈاک	....	۸ امریکی ڈالر
ذریعہ بحری ڈاک	....	۴ " "

اقبال ریویو

اقبال

اکیڈمی

حیدرآباد

کا

سہ ماہی

رسالہ

جولائی

اکتوبر

۱۹۷۸

جلد (۱)
شمارہ (۴)

مجلسِ مشاورت

- ڈاکٹر عالم خوند میری
- پروفیسر اسلوب احمد انصاری
- ڈاکٹر غلام دستگیر رشید
- پروفیسر جگن ناتھ آزاد
- ڈاکٹر مرزا صفدر علی بیگ
- سید عباس رضوی
- محمد ظہیر الدین احمد

ایڈیٹر
- محمد منظور احمد

جائنٹ ایڈیٹر
- مصلح الدین سعدی

مندرجات

★ حرفِ اوّل ۔ ادارہ

حصۂ اردو

- کلامِ اقبال میں سیاسی شعور کی جھلکیاں ـــ ڈاکٹر اسلوب احمد انصاری ۵ تا ۲۲
- اقبال کی نظم اور نثر میں عمرانی تصورات ـــ پروفیسر سید سراج الدین ۲۳ تا ۳۶
- اقبال اپنی نظر میں ـــ پروفیسر جگن ناتھ آزاد ۳۷ تا ۴۲
- قلندر کا لہو ترنگ ـــ ڈاکٹر ظ۔ انصاری ۴۳ تا ۵۲

حصۂ انگریزی

- تصورِ وحدتِ مطلقہ ـــ علامہ اقبال
- مسلم حکما کے گہرے مطالعہ کے لئے ـــ علامہ اقبال
- خوشحال خاں خٹک ـــ علامہ اقبال (افغان مجاہد شاعر)
- اقبال بہ حیثیت شاعر و فلسفی ـــ پروفیسر رمیش موہن

حرفِ اوّل

اقبال ریویو کا یہ تیسرا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے ــــــ

اِس شمارے میں ڈاکٹر اسلوب احمد انصاری، ڈاکٹر ظ۔ انصاری اور ڈاکٹر رمیش موہن کے وہ مضامین شامل ہیں جو اقبالؔ صدی تقاریب کے موقع پر اقبال اکیڈیمی حیدرآباد کے زیرِ اہتمام منعقدہ مختلف اجلاسوں میں پیش کیئے گئے تھے۔

شاعرِ مشرق ڈاکٹر اقبال کے تین ایسے مضامین جو انگریزی میں تھے اور مختلف اوقات میں مختلف رسائل میں شائع ہوئے تھے اور جو اقبالؔ کے کسی مضامین کے مجموعے میں شامل نہیں ہیں، زیرِ نظر 'اقبالؔ ریویو' میں پیش کیئے جا رہے ہیں۔ ہمارے عہد کے ماہرینِ اقبال اگر ان انگریزی مضامین سے واقف بھی ہوں تو ان سے استفادہ اس لئے مشکل تھا کہ یہ رسائل ہر جگہ آسانی سے دستیاب ہونے والے نہیں تھے۔ خوشحالؔ خاں خٹک کی شاعری کا ترجمہ انگریزی میں خود اقبالؔ کا منتخب کردہ ہے۔ ڈاکٹر ظ۔ انصاری کا مضمون "قلندر کا ہُر ترنگ" اقبال کے اِس مضمون کے ساتھ اُمید ہے کہ دلچسپی سے پڑھا جائے گا۔

اقبال ریویو، اقبالؔ دوستوں اور علم و ادب کے قدر دانوں سے خصوصی تعاون کا اُمیدوار ہے۔ اقبالؔ کے پیام اور کلام کی ہمارے دَور میں اس لئے بھی بڑی اہمیت ہو گئی ہے کہ اِس واسطے سے ساری انسانی برادری کو "یقین" کی دولت سے آشنا کیا جا سکتا ہے۔ حرکت، حرارت اور عمل کا یہ پیغام مُردہ دلوں کو جگا سکتا ہے،

علم و عمل کے ایسے کتنے ہی اُفق ہیں، جن کے بارے میں علامہ اقبال نے نئی نسل کو متوجہ کیا ہے۔ عصرِ حاضر میں اُن کی ضرورت اور تعبیر کے لئے مادّیت اور رُوحانی کش مکش کے پس منظر کو سمجھنا از حد ضروری ہے اور اقبال کے اس ورثہ سے استفادہ ناگزیر ہے۔ جدید دُنیا کے مسائل کے تجزیہ میں اس سے بڑی مدد ملے گی۔

اقبال نے ساری زندگی جس تلاش میں صَرف کی اور اپنی علمی اور تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعہ اپنے خونِ جگر سے جس "جہانِ نَو" کی تشکیل کی، اس کے ترسیل و ابلاغ کی ذمہ داری ہر اُس صاحبِ نظر پر ہے جو اس کی اہمیت کو سمجھتا ہے۔ مذہب، عمرانیات اور سیاسیات کے علاوہ علمی مناہج اور تجربی علوم کے عصری مذاہب کے وسیع پیمانے پر تعارف کی بھی ضرورت ہے اور یہ سب کچھ مطالعۂ اقبال کے احاطہ میں ہیں۔

اقبال ریویو کی تمنّا ہے کہ اس نکتۂ نظر کو اپنے کمزور وسائل کے باوجود اپنائے، اور یہ اُسی وقت ممکن ہے جب ہمیں ہر طرح کا تعاون ملے۔ خدا کے فضل سے کاروان چل پڑا ہے، توقع ہے کہ راہ کی مشکلات کے باوجود یہ کاروان آگے بڑھتا رہے گا۔

ادارہ

اسلوب احمد انصاری

کلامِ اقبال میں سیاسی شعور کی جھلکیاں

انگریزی شاعر ورڈز ورتھ نے اپنے بارے میں کہا ہے کہ اس نے اپنے معمولات پر بحیثیت مجموعی جتنا وقت صرف کیا، اس کا تین چوتھائی حصہ سیاست سے دلچسپی اور اس میں انہماک کی نذر ہوا۔ اس بیان میں چاہے کسی قدر مبالغہ محسوس ہو، لیکن یہ حقیقت ہے کہ اپنے دوسرے ہمعصر شعراء کی طرح ورڈز ورتھ کی شاعری بھی سیاسی شعور کے پُرپیچ اظہار سے خالی نہیں ہے۔ اس کے پس منظر میں انقلاب فرانس کی وہ عالمگیر اور تہلکہ خیز تحریک ہے جس نے انسانی فکر کو برسوں کے جمود اور تعطّل سے آزاد کیا اور آزادی، مساوات اور اخوت کا نعرہ جلوسِ آدم کا ترانہ بنایا۔ اس قدر گہرا سیاسی شعور ورڈز ورتھ کے معاصر شعراء بلیک، کالرج اور شیلے کے کلام میں بھی جھلکتا ہے۔ اقبال اُردو کے ان منفرد شعراء میں سے ہیں جو سیاسی زندگی اور اس کے معمولات و وظائف سے گہرے طور پر وابستہ بھی رہے اور جن کی نظر اس کے نشیب و فراز پر بھی رہی۔ ان کی سیاسی دلچسپیوں کا دائرہ بہت وسیع تھا اور اس میں صوبۂ پنجاب اور کل ہند سیاست کے علاوہ، بیرونِ ہند کی سیاست بھی ان کی فکر و عمل کا مرکز بنی رہی۔ مزید یہ کہ ان کا تعلق محض ہنگامی، سیاسی واقعات اور حوادث ہی سے نہیں تھا؛ بلکہ ان سیاسی اداروں کو بھی محیط تھا جو عملاً برتے جاتے ہیں اور اس تفکر سے بھی جو اداروں اور تحریکات کو غذا فراہم کرتا ہے اقبال کے زمانے میں بھی فلسطین کا مسئلہ اتنا ہی پیچیدہ، جاذبِ نظر اور تحریک آمیز تھا، جتنا کہ آج ہے اور اس سے انھیں اتنی ہی گہری اور شدید ہمدردی تھی جتنی کہ مسلمانوں کے سوادِ اعظم کو اس وقت تھی یا آج بھی ہے۔ واقعہ

یہ ہے کہ اقبال ایک بہت ہی بیدار، مضطرب اور مرتعش ذہن و مزاج کے مالک تھے۔ وہ نہ شاعرِ محض تھے اور نہ فلسفی محض، بلکہ اطالوی شاعر دانتے کی طرح سیاست ان کے رگ و پے میں رچی بسی تھی، یا پھر ۱۹۳۰ء کے انگریزی شعراء کے مثل وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ شاعری کو ہمارے گرد و پیش پھیلی ہوئی کائنات اور ہر آن اور ہر لحظ منقلب و متغیر زندگی کا انعکاس پیش کرنا چاہئے۔ اقبال نے جگہ جگہ اپنے فنِ شاعری کی اہمیت کو گھٹا کر پیش کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کے برعکس اپنے خیالات و تصورات کے نظام ان کے ربطِ باہمی اور ان کے مرکبات کے ابلاغ پر زور دیا ہے۔ اس سے نہ ان کے فنی مرتبے میں کوئی کمی آئی اور نہ ان کے فلسفیانہ فکر کی گہرائی اور تعمق پر حرف آیا۔ بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ان کے فن میں معنویت اور تہہ داری ان کے عملِ تفکر اور عملِ استغراق ہی کی وجہ سے پیدا ہوئی۔ اور یہ بات بھی ذہن میں رکھنے کی ہے کہ اقبال نے اپنی شاعری کے تقریباً ہر دور میں یا تو ایسی نظمیں لکھیں جن میں بدیہی طور پر سیاسی افکار کا پرتو جھلکتا ہے یا غیر سیاسی نظموں میں بھی ان کے سیاسی شعور کا اظہار نظر آتا ہے۔

انگریزی شاعر اسٹیفن اسپنڈر کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کی شاعری میں سیاست بہ حیثیت ایک نصب العین یا لائحہ کار (IDEOLOGY) کے نہیں پائی جاتی بلکہ بدرجہ ایک اسطور یا (MYTH) کے ہوئی ہے۔ اقبال کے بارے میں تو یہ مفروضہ شاید صحیح نہ ہو لیکن یہ یقیناً درست ہے کہ ان کی شاعری میں ان کے سیاسی شعور کی عکاسی بدرجہ اتم نظر آتی ہے اور سیاست کو شاعری میں برتنے کا جواز اسی وقت نکلتا ہے جب وہ پڑھنے والوں کے قلب کو برانگیختہ کرنے کی بجائے انھیں غور و فکر کی طرف مائل کرے اور تہذیب جذبات کے لئے راستہ ہموار کرے۔ پہلی جنگِ عظیم اور اس کے آس پاس کا دور وہ زمانہ ہے جب اقبال بحیثیت ایک اہم اردو اور فارسی شاعر خاصے متعارف ہو چکے تھے۔ یہی وہ دور تھا جب یورپی استعماریت کی جڑیں اقصائے عالم میں پھیلتی جا رہی تھیں۔ اس کے پسِ پشت وہ سرمایہ دارانہ نظام تھا جسے صنعتی انقلاب نے جنم دیا تھا۔ پیدائشِ دولت کے تمام وسائل پر ان کا قبضہ تھا۔ نوآبادیاتی ممالک سے خام مواد ہاتھ میں آتا تھا اور پھر اس خام مواد سے تیار شدہ مصنوعات کے لئے یہی ممالک منڈیاں فراہم کرتے تھے۔ افزائشِ اشیاء کی تیز رفتاری سے یقیناً سرمایہ و محنت کے درمیان جو رشتے اور روابط قائم ہوتے جا رہے تھے، انھوں نے براہِ راست زر اندوزی اور استحصال کے عمل کو فروغ دیا تھا۔ سرمایہ داری، ملوکیت اور استعماریت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔

یورپ کی ترقی یافتہ قومیں پس ماندہ ممالک کو اپنے حرص و آز کے چنگل میں لیتی جا رہی تھیں معاشی طور پر ان کی گرفت مضبوط ہوتی جا رہی تھی یہ معاشی گرفت کے مضبوط ہونے کے نتیجے کے طور پر سیاسی ادارے، خیالات، و افکار اور معمولاتِ زندگی پر ان کو غلبہ حاصل ہو رہا تھا اور ان کی دسترس اور وسیع سے وسیع تر ہوتی جا رہی تھی "زبورِ عجم" میں اقبال نے اس کشمکش کے خلاف جو سرمایہ دار اور مزدور کے درمیان اپنے نقطۂ عروج پر پہنچ کر ایک فیصلہ کن موڑ کی طرف لے جانے والی تھی، اس طرح اشارہ کیا ہے:

خواجہ از خونِ رگِ مزدور ساز و لعلِ ناب

از جفائے دہ خدایاں کشتِ دہقاناں خراب

انقلاب

انقلاب، اے، انقلاب

"خضرِ راہ" میں جو اقبال کی ابتدائی اردو نظموں میں ایک خاص اہمیت کی حامل ہے اور جو تقریباً ۱۹۲۶ء میں لکھی گئی۔ ہمیں اس معاملے کا ایک اور پہلو نظر آتا ہے۔ اس نظم کا پس منظر وہ سیاسی اضطراب اور خلفشار تھا جو پہلی جنگِ عظیم کے چھڑنے کا سبب بنا اور جس کے عقب میں بہت سے غیر معمولی مظاہر سامنے آئے۔ اس نظم میں شاعر "خضر" سے جن سوالات کے بارے میں استفسار کرتا ہے، ان میں زندگی سلطنت اور سرمایہ و محنت کا خروشش شامل ہیں۔ کیونکہ یہی تینوں امور اس زمانے میں ذہنوں کے لیے الجھن اور کاوش کا مرکز و محور بنے ہوئے تھے۔ سلطنت کی حقیقت واضح کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل بند خاص توجہ کا مستحق ہے۔

آ بتاؤں تجھ کو رمزِ آیۂ ان الملوک
سلطنت اقوامِ غالب کی ہے اک جادوگری

خواب سے بیدار ہوتا ہے ذرا محکوم اگر
پھر سلا دیتی ہے اس کو حکمراں کی ساحری

جادوئے محمود کی تاثیر سے چشمِ ایاز
دیکھتی ہے حلقۂ گردن میں سازِ دلبری

خونِ اسرائیل آ جاتا ہے آخر جوش میں
توڑ دیتا ہے کوئی موسیٰ طلسمِ سامری

سروری زیبا فقط اُس ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی باقی بتانِ آزری

ہے وہی سازِ کہن مغرب کا جمہوری نظام
جس کے پردوں میں نہیں غیر از نوائے قیصری

دیوِ استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری

'بالِ جبریل' کی ایک غزل میں اقبال نے کہا ہے :

مگر یہ حرف شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا
محمد بھی ترا، جبریل بھی، قرآن بھی تیرا

یہاں 'حرف شیریں' سے ان کی مراد قرآن حکیم ہے۔ اور یہ استفسار کیا گیا ہے کہ کیا قرآن حکیم میں خدا نے صرف اپنے پیکر (IMAGE) کو اُبھارا یا PROJECT کیا ہے یا اس میں انسانی کوائف اور مخمصوں کی بھی عکاسی کی گئی ہے۔ میرا اپنا خیال یہ ہے کہ یہ دونوں کو محیط ہے۔ "خضر راہ" کے مندرجہ بالا اشعار میں آیہ ان الملوک سے اشارہ اس قرآنی آیت کی طرف ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ فاتح قومیں، یعنی ایسی فاتح قومیں جو خدا کے راستے سے منحرف ہو گئی ہیں، جب کسی آبادی میں داخل ہوتی ہیں تو اس میں فتنہ و فساد کا دروازہ کھول دیتی ہیں اور اس کے باعزت لوگوں کو رسوا کر دیتی ہیں۔ قالت ان الملوک اذا دخلوا قریۃً فسدوھا وجعلوا اعزۃ اھلھا اذلۃً

یہاں ایسی با اختیار اور پرتجمل فاتح اقوام کی طرف توجہ دلائی گئی ہے جو دراصل فرماں روائی کے صحیح طور طریقوں سے واقف ہیں۔ قرآن حکیم میں بار بار تاریخی حوادث اور عوامل کی طرف اشارہ کر کے حکمت اور بصیرت کے راز منکشف کئے گئے ہیں۔ یہاں یہ اضافہ کرنا شاید نامناسب نہ ہو کہ متذکرہ بالا اشعار میں جادوگری، ساحری، دلبری، سامری آذری اور فقیری، کے الفاظ محض قافیہ بندی کی رعایت اور نسبت سے نہیں لائے گئے ہیں اور نہ ان اشعار کا مقصد محض شعریت کا جادو جگانا ہے، بلکہ دراصل، اس سحر کارانہ مرعوبیت کا پردہ فاش کرنا جس میں محکوم اقوام کے افراد، سلطنت، ملوکیت اور قیصریت کی پرزور کشش کی وجہ سے گرفتار ہو جاتے ہیں، ایک طلسمی فضا کے اعادے اور تکرار کی غایت اس حقیقت کو برابر ذہن میں تازہ رکھنے کے سوا اور کچھ نہیں ۔

"پیام مشرق" میں جو پہلی بار ۱۹۲۳ء میں شائع ہوئی تھی 'قسمت نامہ' سرمایہ دار و مزدور' کے عنوان سے دولت کی نامنصفانہ تقسیم پر طنزیہ انداز سے اظہار خیال کیا گیا ہے۔ یہاں اس امر پر زور دینا مقصود ہے کہ اصل دولت تو بلاشبہ سرمایہ دار کا حصہ ہے، مزدور کے ہاتھ میں جو دولت آتی ہے وہ صرف وہم و گمان سے سے زیادہ نہیں ہے :

غوغائے کارخانۂ آہنگری ز من
گلبانگِ ارغنونِ کلیسا ازانِ تو

نخلے کہ شہ خراج بر دمی دہد ز من
باغِ بہشت و سدرہ و طوبا ازانِ تو

تلخابہ کہ درد سر آرد ازانِ من
صہبائے پاک آدم و حوا ازانِ تو

مرغابی و تندر و کبوتر ازانِ من
ظلِّ ہما و شہپرِ عنقا ازانِ تو

ایں خاک و آنچہ در شکمِ او ازانِ من
وز خاک تا بہ عرشِ معلّا ازانِ تو

مسولینی و قیصر ولیم' کے عنوان سے ایک اور نظم میں لینن کی زبان سے مندرجہ ذیل چار اشعار میں اس کشمکش کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو سرمایہ دار اور محنت کش طبقے کے درمیان پائی جاتی ہے اور اس کے خاتمے کی بشارت بھی واضح انداز میں دی گئی ہے کہ یہی اس کا منطقی انجام ہونا چاہیئے :

بسے گذشت کہ آدم دریں سرائے کہن
شمال دانہ تہہِ سنگِ آسیا بودست

فریب زاری و افسونی قیصری خوردست
اسیرِ حلقۂ دامِ کلیسا بودست

غلامِ گرسنہ دیدی کہ بر درید آخر
قمیصِ خواجہ کہ رنگیں زخونِ ما بودست

شرارِ آتشِ جمہور کہنہ ساماں سوخت
ردائے پیرِ کلیسا قبائے سلطاں سوخت

'خضرِ راہ' میں بھی جس کا ذکر اس سے پہلے کیا گیا سرمایہ و محنت' کے ذیلی عنوان کے تحت سرمایہ دار اور مزدور کے درمیان کشمکش اور موخر الذکر کے لئے امید آفریں اور خوشگوار مستقبل کی بشارت' جس کا آغوش مزدور کے لئے ہر صورت کھل گیا ہے' اس طرح دی گئی ہے :

دستِ دولت آفریں کو مزد یوں ملتی رہی
اہلِ ثروت جیسے دیتے ہیں غریبوں کو زکات!

ساحر الموط نے تجھ کو دیا برگِ حشیش
اور تو اے بے خبر سمجھا اسے شاخِ نبات

نسل' قومیت' کلیسا سلطنت' تہذیب' رنگ
خواجگی نے خوب چن چن کر بنائے مسکرات

کٹ مرا ناداں خیالی دیوتاؤں کے لئے
سُکر کی لذت میں تو لٹوا گیا نقدِ حیات۔

مکر کی چالوں سے بازی لے گیا سرمایہ دار
انتہائے سادگی سے کھا گیا مزدور مات

اُٹھ کہ اب بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے۔

یہ سب نظمیں اس وقت لکھی گئیں، جب لینن کی سرکردگی میں اکتوبر ۱۹۱۷ء میں روس کا مشہور انقلاب برپا ہو چکا تھا اور اقبال نے اس کا خیر مقدم پُرجوش اور والہانہ انداز سے کیا تھا، کیونکہ انھیں دنیا بھر کے مزدوروں اور محنت کشوں سے نہایت ہمدردی اور دلچسپی تھی، ان محنت کشوں سے جو ظلم اور استحصال کی آسیا میں عرصے سے پیسے جا رہے تھے اور اب اس طبقے کے پامال حقوق کی بازیابی اور اس کے کھوئے ہوئے وقار کی واپسی اور پیدائش دولت کے ایک اہم عنصر کی حیثیت سے اُن کی آبادکاری کا مسئلہ ایک قطعی شکل اختیار کر چکا تھا۔ اس انقلاب کی بدولت، یعنی اس کے نتیجے کے طور پر روس اور دوسرے سوشلسٹ ممالک میں عوام کی نمائندہ حکومتیں قائم ہو چکی تھیں۔

اقبال کی ایک اور نظم "طلوعِ اسلام" میں بھی کچھ جھلک اس ایشیائی جنگِ آزادی اور اس کے نتائج کے حصول کی نظر آتی ہے جو عام طور پر سیاسی اور معاشی استبداد کے خلاف لڑی جا رہی تھی اور جس کا کچھ تعلق مسلمانوں سے بھی تھا خاص طور پر ترکانِ احرار کی حریت پسندی اور ان کے سرفروشانہ جذبۂ جہاد سے۔ جنگِ عظیم کے خاتمہ پر یورپ کی قومیں ترکی کے حصے بخرے کرنے پر تلی ہوئی تھیں اور اس کا مستقبل تمام تر ان کے رحم و کرم پر منحصر تھا۔ لیکن ترکوں نے مصطفےٰ کمال پاشا کی مدبرانہ رہنمائی اور قیادت میں جس طور پر ظلم اور استحصال کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا اور اپنی حمیتِ قومی کا ثبوت جس بے جگری کے ساتھ پیش کیا اس نے پوری دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ ترکی کو ایک مردِ بیمار قرار دیا جا چکا تھا اس مردِ بیمار کے سینے میں مصطفےٰ کمال کی مسیحا نفسی نے نئی حرارت کو تیز کیا۔ ترکوں کے جذبۂ سرفروشی سے متاثر ہو کر اقبال نے مندرجہ ذیل اشعار میں انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے:

اگر عثمانیوں پر کوہِ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے	کہ خونِ صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا
جہانبانی سے ہے دشوار تر کارِ جہاں بینی	جگر خوں ہو تو چشمِ دل میں ہوتی ہے نظر پیدا

مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے	وہ کیا تھا؟ زورِ حیدرؓ، فقرِ بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ
ہوئے احرارِ ملت جادہ پیما کس تجمل سے	تماشائی شگافِ در سے ہیں صدیوں کے زندانی
ثباتِ زندگی ایمانِ محکم سے ہے دنیا میں	کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تورانی

حرم رسوا ہوا پیر حرم کی کم نگاہی سے　　جوانانِ تتاری کس قدر صاحب نظر نکلے
زمیں سے نوریانِ آسماں پرواز کہتے تھے　　یہ خاکی زندہ تر، پائندہ تر، تابندہ تر نکلے
جہاں میں اہلِ ایماں صورتِ خورشید جیتے ہیں　　اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاسی جد و جہد کچھ تو ابنائے وطن کے ساتھ اشتراکِ عمل کی بنیاد پر فرنگی حکومت کے اخراج پر مبنی تھی اور کچھ احیائے خلافت کے دلکش لیکن فریب کن مفروضے پر۔ احیائے خلافت کا تخیل ایک خیالی پیکر سے زیادہ قابلِ قدر نہ تھا۔ ترکی کے حصول آزادی اور وہاں ایک لا مذہبی (SECULAR) حکومت کے قیام کے بعد اس کا یہ اصلی پن اور زیادہ نمایاں ہوگیا تھا۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ ترکوں نے اپنی حیرت انگیز جواں مردی اور زورِ استقامت سے اپنی قومی شخصیت کی صلابت اور پختہ کاری کا ناقابلِ انکار ثبوت فراہم کر دیا تھا۔ یہاں یہ اضافہ کرنا شاید غیر ضروری نہ ہو کہ خود اقبال احیائے خلافت کے مفروضے سے متفق نہ تھے، کیونکہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اس سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ لیکن وہ پان اسلامزم کی تحریک کے بڑی حد تک موئد تھے۔ خلافت کے تصور کے ساتھ ایک دینی ریاست کا تصور وابستہ ہے۔ اقبال کا خیال تھا کہ خلافت کے بے جان سیاسی سانچے کے تحفظ کی نسبت یہ ضروری تھا کہ ان بنیادی اصولوں اور ایمان و ایقان کے اس ضابطے پر زور دیا جائے جو خلافت کے نظریے کے ساتھ منسلک ہے۔ پان اسلامزم کی تحریک کے پرجوش مبلغ، داعی اور نغمہ سنج ہم عصری سیاست کے سیاق اور سباق میں جمال الدین افغانی تھے۔ اقبال کا دل چاہتا تھا کہ رنگ، خون اور قومیت کے امتیازات کو مٹا کر مسلمان ایک واحد ملتِ اسلامیہ کا جزو بن جائیں:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے　　نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر

دراصل اس خواہش اور عزم کے پس پشت یہ خیال تھا کہ مسلمانوں کو جو عنصر متحد کر سکتا، اور انھیں ایک مرکز پر جمع کر سکتا ہے، وہ اسلام کا روحانی اور اخلاقی نظام اقدار ہے۔ یورپ کے زمانہ قیام میں اقبال قومیت کے تصور کی تنگ دامانی اور باہمی کشمکش اور منافرت کا بخوبی مطالعہ کر چکے تھے اور وہ یہ جانتے تھے کہ صرف قومی مفادات پر زور، قومی عصبیت کی پرورش اور تنگ وفاداریوں سے وابستگی ہمیں بالآخر تباہی کی طرف لے جائیگی۔ انھیں دراصل ایک ایسے اصولِ آفاقیت (PRINCIPLE OF UNIVERSALISM) کی تلاش تھی جو جغرافیائی حدبندیوں سے اونچا اٹھ سکے، یعنی EXTRATERRITORIAL بھی ہوا اور قومیت سے بالاتر

یعنی SUPRANATIONAL بھی۔ اور یہ انھیں اسلامی ضابطۂ حیات کے اندر ہی نظر آتا تھا۔ اقبال کی یہ جستجو کسی طرح کے تنگ، فرقہ وارانہ اور علیحدگی پسند رجحان کی نمائندگی نہیں کرتی بلکہ یہ وہی ولولہ تھا جو بعض دوسرے بڑے مفکروں کے یہاں بھی پایا جاتا ہے اور بعض دفعہ ایک آفاقی حکومت کے قیام کی تجویز میں منعکس دکھائی دیتا ہے۔ اقبال بھی ایشیائی قوموں کو بالعموم اور خصوصاً مسلمانوں کو تنگ وفاداریوں کے حلقے سے باہر نکال کر ایک بین الاقوامی اور آفاقی سطح پر لا کر کھڑا کر دینا چاہتے تھے۔

اقبال واضح طور پر سرمایہ داری کے خلاف ہیں، کیونکہ اسلام کا معاشی نظام بھی اسی پر مرتکز ہے۔ سرمایہ داری، سلطنت، خواجگی اور ملوکیت، یہ سب تصورات باہم ملحق اور پیوست ہیں اور سرمایہ داری کی توسیع کے طور پر ان کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ سلطنت عباسیہ کے دور میں جب دولت کی ریل پیل ہوئی اور عجمی تصورات مسلمانوں کی تہذیب میں در آئے تو قرونِ اولیٰ کی سادگی اور زندہ توانا جمہوریت بھی دم توڑنے لگی اور ملوکیت کی طرف تیزی سے قدم بڑھنے شروع ہوئے، یہاں تک کہ اسلامی جمہوریت، مساوات اور سادگی کا تصور محض ایک داستانِ پارینہ بن کر رہ گیا۔ اقبال مغربی قوموں کی ملوکیت اور IMPERIALISM کے بھی خلاف تھے اور اس جارحیت آمیز قوم پرستی کے بھی اس دور میں عربوں کے قومی عمل سے آشکارا ہو رہی تھی، چنانچہ "جاوید نامہ" میں "پیغام افغانی بامِلتِ روسیہ" کے عنوان سے انھوں نے مندرجہ ذیل اشعار کہے:

بندۂ مومن ز قرآں برنخورد	در ایاغِ او نہ مے دیدم نہ دُرد
خود طلسم قیصر و کسریٰ شکست	خود سرِ تختِ ملوکیت نشست
تا نہال سلطنت قوت گرفت	دین او نقش از ملوکیت گرفت

تو کہ طرحِ دیگرے انداختی	دل ز دستورِ کہن برداختی
ہمچو ما اسلامیاں اندر جہاں	قیصریت را شکستی استخواں
تا برافروزی چراغے در ضمیر	عبرتے از سرگزشت ما بگیر
پائے خود محکم گذار اندر نبرد	گرد ایں لات و ہبل دیگر مگرد
ملتے می خواہد ایں دنیائے پیر	آنکہ باشد ہم بشیر و ہم نذیر

اسی طرح وطنیت کے سلسلے میں بھی اقبال کا نقطۂ نظر ان کے مجموعی بیانات سے مطابقت رکھتا ہے۔ ظاہر ہے کہ حبّ وطن تو ایک قدرتی اور والہانہ جذبہ ہے اور اس سے کسی طرح دست بردار نہیں ہوا جا سکتا۔ لیکن وطن کا کوئی بت ان معنوں میں بنالینا کہ وہ کسی وسیع تر نظام اقدار کی (جن میں مذہبی، ملّی اور اخلاقی اقدار زلیست شامل ہیں) بیخ کنی کرے، کسی طرح مستحسن نہیں ہے۔ "بانگ درا" کی ایک ابتدائی نظم "وطنیت" میں جو ادبی نقطۂ نظر سے ایک سپاٹ نظم ہے، یہ اشعار قابل غور ہیں۔

اقوام جہاں میں ہے رقابت تو اسی سے
تسخیر ہے مقصود تجارت تو اسی سے

خالی ہے صداقت سے سیاست تو اسی سے
کمزور کا گھر ہوتا ہے غارت تو اسی سے

اقوام میں مخلوق خدا بٹتی ہے اس سے
قومیت اسلام کی جڑ کٹتی ہے اس سے

یہاں پہلے اور آخری شعر کے پہلے مصرعے پورے مسئلے کا لب لباب پیش کر دیتے ہیں۔ اقبال نے اسی تصور کو تراشیدۂ تہذیب نوی کہا ہے۔

اپنے انتقال سے کچھ ہی قبل انھوں نے مولانا حسین احمد مدنی کے اس موقف سے شدید اختلاف کا اظہار کیا تھا کہ قومیں اوطان سے بنتی ہیں۔ "اسلام اور قومیت" کے عنوان سے اپنے ایک مضمون میں انھوں نے قوم کے مغربی اور ملّت یا امت کے قرآنی مفہوم کے درمیان امتیاز کو بڑی دقت نظر کے ساتھ آشکارا کیا ہے۔ موخر الذکر ایک دین یا شرع و منہاج کے مرادف ہے۔ قوم یا قومیت کے تصور میں جغرافیائی یا نسلی اشتراک پر زور ملتا ہے۔ اسلام کا مطمح نظر یہ ہے کہ انسانوں کو شعوب و قبائل اور نسل و رنگ کے امتیازات سے اونچا اٹھا کر ایک ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کا جزو بنا دیا جائے، چنانچہ اس مضمون میں کہا گیا ہے، "لیکن وہ ملتوں اور جماعتوں کو تراش کر ایک نیا اور مشترک گروہ بنائیگی۔ گویا ملّت یا اُمت جاذب ہے اقوام کی خود ان میں جذب نہیں ہو سکتی"۔ مزید وضاحت کے طور پر یہ کہا گیا ہے کہ "محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قوم آپ کی بعثت سے پہلے قوم تھی اور آزاد تھی لیکن جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بننے لگی تو اب قوم کی حیثیت ثانوی رہ گئی جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت میں آ گئے وہ خواہ ان کی قوم میں سے تھے یا دیگر اقوام سے، وہ سب امت مسلمہ یا امت محمدیہ بن گئے۔ پہلے وہ ملک و نسب کے گرفتار تھے

اب ملک و نسب ان کا گرفتار ہو گیا" اقبال نے یہ تسلیم کیا ہے کہ زمانہ حال میں قوم کے لئے وطن کی اساس کو ضروری سمجھا گیا ہے۔ لیکن ان کے نزدیک یہ کافی نہیں ہے۔ ان کے نزدیک اسلامی تعلیمات کا مرکزی نقطہ یہ یقین ہے کہ دین نہ نسلی ہے، نہ انفرادی اور نہ نجی، بلکہ خالص انسانی اور اس کا مقصد باوجود فطری امتیازات کے عالم بشریت کو متحد و منظم کرنا ہے اور ان کے اتحاد و تنظیم کے دستور العمل کی بنیاد اقوام اور نسل پر نہیں بلکہ معتقدات اور مشترک روحانی اقدار ہی پر رکھی جا سکتی ہے۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں، "جو کچھ قرآن سے میری سمجھ میں آیا ہے، اس کی رو سے اسلام محض انسان کی اخلاقی اصلاح ہی کا داعی نہیں بلکہ عالم بشریت کی اجتماعی زندگی میں ایک تدریجی گہرا انقلاب بھی چاہتا ہے جو اس کے قومی اور نسلی نقطۂ نگاہ کو یکسر بدل کر اس میں خالص انسانی ضمیر کی تخلیق کرے۔" اقبال نے مولانا حسین احمد مدنی کے نظریۂ وطنیت و قومیت کو بہ سبب اس کے کہ یہ جغرافیائی حد بندیوں کی طرف لے جاتا ہے اور مرکزی اقدارِ حیات کے اشتراک کی نفی کرتا ہے، اپنے برہانِ قاطع سے یکسر مسترد کر دیا۔ چنانچہ ارمغانِ حجاز میں تین اشعار کی محدود وسعت میں انھوں نے اپنی پوری قوتِ گویائی کے ساتھ برملا کہا:

عجم ہنوز نداند رموزِ دیں ورنہ
زدیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی ست

سرود برسرِ منبر کہ ملت از وطن است
چہ بے خبر ز مقامِ محمدِ عربی ست

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی ست

آخری شعر خاص طور پر اقبال کے پورے فکر و فن کا نچوڑ پیش کرتا ہے۔ اس سے قطع نظر انھوں نے "جاوید نامہ" میں بڑے ہی انوکھے انداز سے وطن سے وابستگی کو بھی سراہا اور جائز ثابت کیا ہے اور اس کے پہلو بہ پہلو اس وابستگی سے ماورا ہو کر ایک بلند تر آفاقی نقطۂ نظر کے اپنانے پر بھی زور دیا ہے:

گرچہ آدم بردمید از آب و گل
رنگ و نم چوں گل کشید از آب و گل

حیف اگر در آب و گل غلطد مدام
حیف اگر برتر نپرد زیں مقام

یاد وطن اہل وطن وابستہ است
زانکہ از خاکش طلوعِ ملتے است

اندریں نسبت اگر داری نظر
نکتہ بینی زمو باریک تر

گرچہ از مشرق بر آید آفتاب | با تجلّی ہائے شوخ و بے حجاب
در تب و تاب است از سوزِ دروں | تا ز قیدِ شرق و غرب آید بروں
بر دمد از مشرقِ خود جلوہ مست | تا ہمہ آفاق را آرد بدست

فطرتش از مشرق و مغرب بری است
گرچہ او از روئے نسبت خاوری است

یہاں پھر یہ جتائے کی ضرورت نہیں کہ اقبال وطن سے محبت اور انسیت کی نفی نہیں کر رہے ہیں، لیکن بہ حیثیت ایک سیاسی تصور کے وہ اس کی تنگ دامانی اور اس کے خوفناک مضرات کو رد کر دیتے ہیں۔ وہ روحانی اور اور اخلاقی اقدارِ حیات میں یقین کو مرکزی حیثیت دیتے ہیں اور اسے مرجح سمجھتے ہیں۔

اس سے قبل "خضر راہ" کے واسطے سے یہ اشارہ کیا گیا تھا کہ اقبال نے اکتوبر ۱۹۱۷ء کے انقلاب روس کا کشادہ جبینی بلکہ ذوق و شوق کے ساتھ خیر مقدم کیا۔ وہ مارکس کی تعلیمات سے بڑی حد تک اتفاق رکھتے تھے۔ مارکس اور لینن نے ستم رسیدہ مزدوروں کو سرمایہ داری کے آہنی شکنجے سے اور اجارہ داری نظام کے ستائے ہوئے بیکسوں کو جس طرح ظلم اور استحصال سے نجات دلائی اس کے لئے وہ اپنے دل کی گہرائیوں میں ایک جذبہ تحسین رکھتے تھے۔ وہ یقیناً اس معاشی انقلاب کے حق میں تھے جو مارکس کے عمرانی اور معاشرتی فلسفہ کے ذریعہ انجام پذیر ہوا تھا اور جس کے پس پشت محنت کی اشیاء میں پیدا کردہ زاید قیمت، ذرائع پیداوار پر اجتماعی ملکیت اور طبقاتی کشمکش اور بالآخر عوام کی فتح و کامرانی کے تصورات کارفرما تھے۔ چنانچہ ابلیس کی مجلس شوریٰ میں تیسرے مشیر کی زبانی سے اقبال نے مارکس کو اس کے عظیم الشان تاریخی کارنامے پر مندرجہ ذیل زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا:

وہ کلیمِ بے تجلّی، وہ مسیحِ بے صلیب | نیست پیغمبر و لیکن در بغل دارد کتاب
کیا بتاؤں کیا ہے کافر کی نگاہِ پردہ سوز | مشرق و مغرب کی قوموں کیلئے روزِ حساب
اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا طبیعت کا فساد | توڑ دی بندوں نے آقاؤں کے خیموں کی طناب

اس سے پہلے جاوید نامہ میں اشتراکیت اور ملوکیت کے عنوان سے مندرجہ ذیل اشعار ملتے ہیں:

صاحبِ سرمایہ از نسلِ خلیلؑ | یعنی آں پیغمبرِ بے جبرئیل
زانکہ حق در باطلِ او مضمر است | قلبِ او مومن دماغش کافر است
غربیاں گم کردہ اند افلاک را | در شکم جویند جانِ پاک را
رنگ و بو از تن نگیرد جانِ پاک | جز بہ تن کارے ندارد اشتراک
دینِ آں پیغمبرِ حق ناشناس | بر مساواتِ شکم دارد اساس

تا اخوت را مقام اندر دل است
بیخ او در دل نہ در آب و گل است

"بالِ جبریل" کی ایک مشہور نظم "لینن خدا کے حضور میں" کو مغربی تہذیب کے اکتسابات پر اقبال کا تنقید نامہ (CRITIQUE) سمجھنا غلط نہ ہوگا۔ مارکس کی طرح لینن کو بھی اقبال نے نہایت فراخدلی کے ساتھ نذرِ عقیدت پیش کی ہے۔ یہاں ایک عرضداشت کے طور پر وہ خدا سے کئی پریشان کن سوالات براہِ راست پوچھ بیٹھتا ہے اور سو سوالوں کا ایک سوال تو یہ ہے:

وہ کون سا آدم ہے کہ تو جس کا ہے معبود؟ | وہ آدمِ خاکی کہ جو ہے زیرِ سماوات

مغربی تہذیب کے بیشتر مظاہر جو انسانیت کی تذلیل اور اس کے لطیف و نازک احساسات و محرکات کو مجروح کر دینے کا باعث بنتے ہیں، اقبال کی تنقید کی زد میں لینن کے واسطے سے آئے ہیں۔ نظم کے آخری دو اشعار میں گو اندازِ بیاں براہِ راست اور برہنہ ہے مگر اس کے پس پشت جذبے کی شدت اور توانائی بخوبی محسوس کی جا سکتی ہے:

تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں | ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات
کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ | دنیا ہے تری منتظرِ روزِ مکافات

اقبال سرمایہ داروں کی شدت کے ساتھ مخالفت کرتے ہیں اور اس لئے اس ظلم و استبداد کے خلاف بھی صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں جو براہِ راست سرمایہ دارانہ نظام کی پیداوار ہے، کیونکہ اس نظام میں سرمایہ دار، پیدائشِ دولت کے تمام ذرائع پر قابض ہو جاتا ہے اور مزدور اور صنعت کار کو، جو اشیاء کی زاید قیمت SURPLUS VALUE

کا آفرنیدہ ہے، اس قیمت میں سے کوئی حصہ نہیں دینا چاہتا۔ اسلام بھی زراندوزی ACCUMULATION OF CAPITAL کی مخالفت کرتا ہے جرفِ العفو میں یہی رمز پوشیدہ ہے "بالِ جبریل" میں فرمانِ خدا (فرشتوں سے) کے یہ اشعار جاذبِ توجہ ہیں:

اٹھو میری دنیا کے غریبوں کو جگا دو — کاخِ اُمرا کے در و دیوار ہلا دو
گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقیں سے — کنجشکِ فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو
سلطانیِ جمہور کا آتا ہے زمانہ — جو نقشِ کہن تم کو نظر آئے مٹا دو
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی — اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو
کیوں خالق و مخلوق میں حائل رہیں پردے — پیرانِ کلیسا کو کلیسا سے اٹھا دو
میں ناخوش و بیزار ہوں مرمر کی سلوں سے — میرے لئے مٹی کا حرم اور بنا دو

یہاں جذبے کی تندی اور شدت، باوجود ضبط و احتیاط، نمایاں طور پر محسوس کی جا سکتی ہے۔ لیکن مارکس اور لینن کے لئے اس درجہ تحسین شناسی اور انقلاب کے اس پُرجوش خیر مقدم کے باوجود اقبال اس فلسفہ کو تمام و کمال قبول کرنے سے انکار کرتے ہیں، جو مارکسزم کے پسِ پشت موجود ہے۔ یعنی حقیقت کی جدلیاتی یا مادی تعبیر و تفسیر اور ریاست کی مطلقیت کا تصور۔ اقبال اس نظریے سے متفق نہیں ہیں کہ معاشی عناصر تہذیبی مظہر یا تہذیب کی بالائی عمارت SUPERSTRUCTURE کے لئے واحد، فیصلہ کُن SOLE DETERMINANTS عناصر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کے برعکس وہ حقیقت کی روحانی اساس کے قائل ہیں اور کوئی معاشی یا معاشرتی نظام جو روحانی اور اخلاقی نظام اقدار کے ڈھانچے کی نفی یا تکذیب کرے، ان کے لئے قابلِ قبول نہیں۔ بے شک مارکسزم اور اسلامی نظامِ فکر کے مابین بعض عناصر مشترک ہیں۔ سب سے بڑا نقطۂ اشتراک تو یہی ہے کہ دونوں سرمایہ دارانہ نظام کے دشمن ہیں اور اسے بنی نوعِ انسان کی بہبودی کے لئے مہلک تصور کرتے ہیں۔ اسلامی تصورِ حیات کے مطابق اقتدارِ اعلیٰ (SOVEREIGNTY) کا محور، مصدر اور سرچشمہ خدا کی ذات ہے۔ ہمتا ہے اور ساری سرزمین ہماری ہے۔ اس لئے کہ یہ اللہ کی ہے۔ ریاست چلانے والوں کی حیثیت غاصبوں یا مطلق العنان فرماں رواؤں کی نہ ہے اور نہ ہونی چاہئے، کیونکہ وہ عوام کے حقوق کے امین یعنی TRUSTEES

ہیں۔ ریاست شہریوں کی کفیل ہے لیکن یہ مطلق الفاظ نہیں اور نہ یہ (PARTY BOSSES) کی ملکیت متصور کی جانی چاہیئے۔ اسلام میں رفاہی ریاست WELFARE STATE کا تصور موجود ہے اور بیت المال کا قیام، جو اس سے ملحق ایک لازمی ادارہ ہے، اس میں ممد ہو سکتا ہے۔

روس میں عالمگیر معاشی انقلاب اکتوبر ۱۹۱۷ء میں نمودار ہوا تھا اور اس کے نتیجے کے طور پر ایک سوشلسٹ ریاست کا قیام عمل میں آیا، جس نے زاریت اور قیصریت کی پرانی بنیادوں کو یکسر منہدم کر کے انسانی آزادی اور مساوات کا ایک نیا صور پھونکا۔ پہلی جنگ عظیم کے خاتمے پر یورپ میں شروع میں جرمنی اور اٹلی اور اس کے بعد جاپان اور اسپین میں آمرانہ TOTALITARIAN ریاستیں وجود میں آئیں اور فاشزم اور نازی ازم کو فروغ حاصل ہوا جس نے انسانی ضمیر کا گلا گھونٹ دیا اور ارادے اور عمل کی آزادی پورے طور پر سلب کر لی گئی۔ یہ دن کے اُجالے پر رات کی تاریکی کا حملہ تھا۔ اقبال جو آزادی، مساوات اور عالمگیر برادری کے تصورات کے پرجوش مبلغ اور زبردست حامی اور فصیح داعی تھے، اس صورتِ حال کو کیسے پسند کر سکتے تھے۔ "بالِ جبریل" میں مسولینی کے بارے میں ان کی معرکۃ الآرا نظم اس کی شخصیت کی پُر زور کشش، اس کی عقابی نظر اور اس کے آہنی عزم کو ایک موثر اور دلفریب خراج عقیدت ضرور ہے، لیکن اس کے پیش نظر فاشزم اور نازی ازم کے لئے اقبال کی حمایت پر دلالت کرنا صحیح نہیں ہے۔ اس کے برعکس اگر ہم "ارمغان حجاز" کی مشہور نظم "ابلیس کی مجلس شوریٰ" کو ذہن میں رکھیں تو ڈرامائی اور غیر ذاتی شیوۂ گفتار کے باوجود اقبال کے نقطۂ نظر کے تعین میں دشواری نہیں ہو سکتی۔ اس نظم کے تمام کردار، یعنی مشیرانِ ابلیس، ایک طرح سے ابلیس ہی کے نظریے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ وہ سب آمرانہ ریاستیں، جن کا ذکر اوپر کیا گیا اور وہ سارے فلسفہ ہائے زندگی جو ان کے پس پشت پائے جاتے ہیں، دراصل روحِ ابلیسیت ہی کے تراشیدہ ہیں۔ پانچواں مشیر ابلیس کو خطرے کی اس گھنٹی سے آگاہ کرتا ہے جو کمیونزم کی صورت میں بجنے والی ہے اور اس کا اظہار اس طرح کیا گیا ہے:

وہ یہودی فتنہ گر، وہ روحِ مزدک کا بروز
ہر قبا ہونے کو ہے اس کے جنوں سے تار تار

چھا گئی آشفتہ ہو کر وسعتِ افلاک پر
جس کو نادانی سے ہم سمجھے تھے اک مشتِ غبار

فتنۂ فردا کی ہیبت کا یہ عالم ہے کہ آج
کانپتے ہیں کوہسار و مرغزار و جوئبار
میرے آقا وہ جہاں زیر و زبر ہونے کو ہے
جس جہاں کا ہے فقط تیری سیادت پر مدار

ان اشعار سے اس رستاخیز کا کسی قدر اندازہ ہوتا ہے جو انقلاب روس کی صورت میں رونما ہو کر رہی۔ یہاں اسے ایک زبردست انقلابی قوت کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے، جس نے صدیوں کے جمود و تعطل اور اضمحلال و انتشار کو تہہ و بالا کر دیا۔ لیکن ابلیس اس صورتحال سے کسی طرح سراسیمہ ہونے کیلئے تیار نہیں ہے۔ اس کی خود اعتمادی اور استقلال کے چہرے پر اس سے کوئی شکن نہیں پڑتی۔ اس کا ردعمل اس سے مختلف ہے، جس کی توقع پانچویں مشیر کو تھی اور اس کا ردعمل اس طرح ظاہر ہوتا ہے۔

دستِ فطرت نے کیا ہے جن گریبانوں کو چاک
مزدکی منطق کی سوزن سے نہیں ہوتے رفو
کب ڈرا سکتے ہیں مجھکو اشتراکی کوچہ گرد
یہ پریشاں روزگار، آشفتہ مغز، آشفتہ ہو
ہے اگر مجھکو خطر کوئی تو اس امت سے ہے
جس کی خاکستر میں ہے اب تک شرارِ آرزو
خال خال اس قوم میں اب تک نظر آتے ہیں وہ
کرتے ہیں اشکِ سحر گاہی سے جو ظالم وضو
جانتا ہے جس پہ روشن باطنِ ایام ہے
مزدکیت فتنۂ فردا نہیں اسلام ہے

اور پھر اسلام کے فتنۂ فردا ہونے کے لئے جو دلیلیں ابلیس نے پیش کی ہیں، وہ دراصل ایک ڈرامائی ممول کے ذریعے اس امر کا انکشاف، دابلاغ ہے، جسے اقبال اپنے قلب کی انتہائی گہرائیوں میں محسوس کرتے تھے۔

عصرِ حاضر کے تقاضاؤں سے ہے لیکن یہ خوف
ہو نہ جائے آشکارا شرعِ پیغمبر کہیں!
الحذر، آئینِ پیغمبر سے سو بار الحذر
حافظِ ناموسِ زن، مرد آزما، مرد آفریں
موت کا پیغام ہر نوعِ غلامی کیلئے
نے کوئی فغفور و خاقاں نے فقیرِ رہ نشیں
کرتا ہے دولت کو ہر آلودگی سے پاک و صاف
منعموں کو مال و دولت کا بناتا ہے امیں
اس سے بڑھ کر اور کیا، فکر و عمل کا انقلاب
بادشاہوں کی نہیں، اللہ کی ہے یہ زمیں!

اقبال کے نزدیک، جیسا کہ پہلے بھی اشارہ کیا گیا، ریاست ایک مطلق اکائی نہیں۔ سیاست کو دین سے جدا نہیں کیا جا سکتا اور دین سے مراد وہ ہئیت اجتماعیہ ہے جس کے لئے روحانی اور اخلاقی اقدار کا نظام تقویم کا باعث بنتا ہے اور اسی پر کسی امت کی بقا کا انحصار ہوتا ہے۔ یورپین نشاۃ الثانیہ کی تعریف و توصیف میں یہ کہا جاتا ہے کہ اس کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے ریاست کو کلیسا سے الگ کر کے اس کے راستے سے تمام رکاوٹیں دور کر دیں اور اس طرح انسانی حریت فکر کے لئے راہ ہموار کر دی۔ اقبال کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ یہ صورت حال اس وجہ سے پیدا ہوئی کیونکہ مسیحیت نے یہ تعلیم دی کہ مذہب تمام تر ایک ذاتی اور نجی معاملہ ہے اور اس طرح اجتماعی زندگی کی ضامن ریاست قرار پائی۔ مزید برآں ازمنۂ وسطیٰ کی عیسائیت PRIMITIVE CHRISTIANITY میں ریاست اور کلیسا، یعنی CHURCH کے درمیان ایک طرح کی باہمی کشمکش اور خصومت موجود تھی۔ اسلام میں اس طرح کے کلیسا کا کوئی تصور نہیں ہے اور نہ مذہبی اداروں کی اجارہ داری کو اسلام تسلیم کرتا ہے۔ لیکن نظام اقدار کلیسا سے الگ اپنا وجود ذاتی رکھتا ہے۔ اقبال کا خیال ہے کہ مذہبی اور اخلاقی اقدار، ریاست کو اس کے صحیح اور جائز منصب پر رکھنے کے لئے ضروری ہیں۔ مزید برآں اسلام میں روحانی نظام SPIRITUAL ORDER اور مادی نظام TEMPORAL ORDER کے درمیان اس طرح کا تضاد اور تصادم نہیں ہے۔ جیسا کہ کہیں اور دیکھا جا سکتا ہے۔ ان دونوں میں وہ ربط و تعلق ہے جو جان اور جسم کے درمیان ہوتا ہے یہ دونوں ایک دوسرے پر منحصر بھی ہیں اور ایک دوسرے کا تکملہ بھی کرتے ہیں اور اس اعتبار سے ایک دوسرے کے نقیض نہیں ہیں۔ دین کے بغیر سیاست چنگیزی میں تبدیل ہو جاتی اور طاقت کا استعمال بغیر اخلاقی ضابطے کی پابندیوں کے استحصال کی شکل میں نمودار ہونے لگتا ہے۔ اسلام میں جمہوریت بھی منضبط یعنی CONTROLLED جمہوریت کی صورت میں پائی جاتی ہے اور آمریت کے لئے تو اس میں کسی طرح کی گنجائش ہے ہی نہیں، چاہے یہ آمریت ایک فرد واحد کی ہو جیسی شخصی سلطنتوں میں زمانۂ قدیم میں پائی جاتی تھی یا جیسی زمانۂ حال کی فاشسٹ ریاستوں میں ملتی ہے یا ان سوشلسٹ ریاستوں میں جہاں ایک شخص کی جگہ PARTY BOSSES لے لیتے ہیں۔ اسلامی نظام حکومت میں شوریٰ کے ادارے کو خاص اہمیت حاصل ہے اور مذہبی اور اخلاقی اقدار کی بالادستی کو تسلیم کرنا اور اس کے تابع رہنا ریاست کے لئے بدرجۂ اتم ضروری ہے۔ چنانچہ دین و سیاست کا

کے عنوان سے "بالِ جبریل" میں مندرجہ ذیل اشعار غور طلب ہیں۔

ہوئی دین و دولت میں جس دم جدائی — ہوس کی امیری، ہوس کی وزیری
دوئی ملک و دین کے لئے نامرادی — دوئی چشمِ تہذیب کی نابصیری
یہ اعجاز تھا ایک صحرا نشیں کا — بشیری ہے آئینہ دارِ نذیری

لیکن مسلمانوں کو اس معیار اور مقصد سے ہٹانے کے لئے موجودہ لادین سیاست ہر طرح کے حربے استعمال کرتی ہے۔ ایک طرف عجمی تصورات نے اسلامی نظریہ ریاست کو متاثر کیا، اور دوسری جانب مغربی تمدن کی آفریدہ وہ سب سیاسی تحریکیں ہیں، جو فرد کی آزادی کو تسلیم کرنے کے باوجود یا تو عملاً اسے برتنا نہیں چاہتیں یا بدنیتی سے افراتفری کے لئے دروازہ کھول دینا چاہتی ہیں۔ اقبال نے ان کوششوں کو اپنی ایک نظم "ابلیس کا فرمان اپنے فرزندوں کے نام" میں جو "ضربِ کلیم" میں شامل ہے، اپنی طنز و تنقید کا ہدف بنایا ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل اشعار اسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا — روحِ محمدؐ اس کے بدن سے نکال دو
فکرِ عرب کو دے کے فرنگی تخیلات — اسلام کو حجاز و یمن سے نکال دو
افغانیوں کی غیرتِ دیں کا ہے یہ علاج — ملا کو ان کے کوہ و دمن سے نکال دو
اہلِ حرم سے ان کی روایات چھین لو — آہو کو مرغزارِ ختن سے نکال دو

اس سے پہلے یہ کہا گیا تھا کہ اقبال ریاست کو اخلاقی نظام اقدار کے تابع دیکھنا چاہتے ہیں اور ایک صالح قسم کی ہیئت اجتماعیہ کو وجود میں لانا ان کے نزدیک سیاست کا اصل وظیفہ ہے۔ چنانچہ "جاوید نامہ" میں ایک جگہ "پیغام افغانی با ملت روسیہ" کے عنوان سے مندرجہ ذیل اشعار توجہ کو اپنی جانب کھینچتے ہیں:

فقرِ قرآں اختلاطِ ذکر و فکر — فکر را کامل نہ دیدم جز بہ ذکر
ذکر؟ ذوق و شوقِ را دادن ادب — کارِ جان است ایں نہ کارِ کام و لب
خیزد از وے شعلہ ہائے سینہ سوز — با مزاجِ تو نمی سازد ہنوز

یہاں ان اشعار میں ہمیں بالآخر اس معیار کی طرف ایک واضح اشارہ ملتا ہے، جیسے برتنے سے فرد اور ریاست

کے درمیان اور سیاست اور مذہب کے باہمی رشتہ میں ایک طرح کی تطبیق ممکن الحصول بن سکتی ہے۔ اس مخصوص سیاق و سباق کے اندر جہاں اشتراکیت اور ملوکیت کا ذکر آچکا ہے، فقر قرآن کا موضوع ایک خاص اہمیت کا حامل بن جاتا ہے۔ ذکر اور فکر کے یہاں دو مختلف قسم کے اعمال مراد ہیں۔ ذکر اس تہذیبی عمل سے متعلق ہے جس سے اندرونی رجحانات اور میلانات کی تربیت ہوتی ہے اور اس میں انقیاد و اطاعتِ الٰہی اور بندگانِ خدا سے کامل محبت دو ضروری اجزاء کی حیثیت سے شامل ہیں اور فکر سے وہ ضابطہ یا لائحہ یا طریقہ کار مراد ہے جس سے دنیوی معاملات یعنی ریاست کے نظم و نسق کی اصلاح کے لئے ترتیب دیا جائے۔ کارِ جانؔ سے اشارہ نفسی صحت مندی اور تربیت کی طرف یا ان ہیجانات و محرکات کی طرف ہے جن کی تربیت مقصود ہے۔ اختلاطِ ذکر و فکر، خیال اور عمل کی ہم رنگی یا مطابقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ "بال جبریل" میں ایک انتہائی معروف نظم "ذوق و شوق" میں یہ کلیدی شعر بھی اس سلسلے میں بغایت توجہ کا مستحق ہے۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اولیں ہے عشق
عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

یہاں ایک دوسرے زاویۂ نگاہ سے شرع و دیں ایک طرف اور عشق کا عنصری اور آفاقی جذبہ دوسری جانب لازم و ملزوم کی حیثیت سے پیش کئے گئے ہیں۔ بہرحال دونوں جگہ جو عنصر مشترک ہے وہ یہ کہ عشق یا ذکر کی موجودگی فکر اور شرع و دیں کے استحکام کے لئے لابدی ہے اور عشق اور ذکر میں انسانوں سے محبت، ان کی خواہشات اور ضروریات کا لحاظ اور احترام، رضائے الٰہی کے سامنے سرنگوں ہونے کا جذبہ اور ان سب کا باہمی تعلق ریاستی نظام یا سیاسی اداروں کو تابندگی، حرارت، اور محکمی بخشنے کے لئے ناگزیر ہے۔

سید سراج الدین

اقبال کی نظم و نثر میں عمرانی تصورات

اقبال ایک ملّی شاعر ہے لیکن صرف اتنا کہہ کر بات ختم نہیں ہو جاتی اور یہ کہنا بھی ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ محض ملّی شاعر نہیں ہے۔ ان دونوں باتوں کا سمجھنا جن میں کوئی تناقض نہیں ہے اقبال فہمی کا ایک اہم مرحلہ ہے۔ اقبال کی غیر معمولی مقبولیت کے باوجود یا ممکن ہے کہ اسی کے باعث ایک طرح کی اقبال ناشناسی یا ادھ فہمی ہمیشہ اس شاعر کے درپے رہی ہے۔ چنانچہ اب بھی دو ایسے تحسینی زاویے اس ضمن میں ملیں گے جو ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ ایک گروہ اقبال کے شیدائوں کا ایسا ہے جو اس کی قومی یا ملّی شاعری کو نہ صرف اصل بلکہ کل داستان سمجھتا ہے اور دوسرا گروہ اس اسلامی قومیت کے پرے اقبال کی انسانیت اور آفاقیت کی تلاش میں ہے۔ یہ دونوں اپنی حد تک صحیح ہوں گے لیکن ان کی وجہ سے اقبال کی شاعرانہ فکر اور شخصیت حصّوں میں بٹ جاتی ہے اور اس کی پہلو دار وسعت اور گہرائی کا صحیح اندازہ قائم نہیں ہو سکتا۔ ان میں سے پہلا گروہ اس ہمہ گیر فضا کو نہیں دیکھ سکتا جو اقبال کی ملّیت کے چاروں اور چرخ نیلی کی طرح پھیلی ہوئی ہے اور دوسرا اس راز سے ناواقف ہے یا اس سے پہلو بچا جاتا ہے کہ اقبال کی انسانیت اور اس کی آفاقیت تک پہنچنے کے لئے اس کی ملّیت سے گزرنا ضروری ہے۔ علم اور تنقید کے موجودہ مرحلے پر ہم یہ بات جاننے لگے ہیں کہ ہر بڑے شاعر کی آفاقیت اس کے اپنے زمان و مکاں سے اُبھرتی اور اس کی قومی انا کے جھروکوں سے جھانکتی ہے۔

یہ بحث جو شاید بظاہر غیر متعلق معلوم ہو میں نے اس وجہ سے چھیڑ دی کہ اقبال کے عمرانی تصورات و خیالات کا تجزیہ کرتے وقت ان دونوں باتوں کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے تاکہ شاعر کی شخصیت اور اس کی ہمہ رنگ یک رنگی اس کی ہمہ جہت یک جہتی نظروں سے اوجھل نہ ہونے پائے۔

اقبال کے عمرانی تصورات ان کے سارے کلام میں "بانگ درا" سے لے کر "ضرب کلیم" تک جا بجا پھیلے پڑے ہیں لیکن ان کی مبسوط باقاعدہ شرح "رموز بے خودی" (۱۹۱۸ء) ان کے نثری مضامین "قومی زندگی" (۱۹۰۴ء) اور "ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر" ان کے ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۳ء کے صدارتی خطبات جو مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کے سالانہ اجلاسوں کے لئے لکھے گئے تھے اور ان کے اس مضمون میں ملتی ہے جو علامہ نے اپنی عمر کے آخری سال مولانا حسین احمد مدنی کے جواب میں لاہور کے روزنامہ "احسان" میں شائع کیا تھا۔ ان تصنیفوں میں اقبال نے اپنے عمرانی نظریے اتنی واضح اور غیر مبہم قطعیت کے ساتھ پیش کئے ہیں کہ ان کے منتخب اقتباسات دے دیئے جائیں تو کسی تشریح و تعبیر کی ضرورت نہیں رہتی لیکن اس موضوع پر سوچتے ہوئے مجھے جس چیز نے متوجہ کیا وہ ان کے افکار اور شاعری کے درمیان وہ تلازمات ہیں جن سے بڑے لطیف مطالب نکلتے اور زندگی اور شخصیت کی پیچیدگی کے راز کھلتے ہیں اگر ہو سکے تو ان سے میں اپنی گفتگو کے آخر میں بحث کروں گا۔

قومی شاعری کچھ اقبال کی ایجاد نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اقبال نے اس باب میں اپنے زمانے کی پیروی کی ہے۔ سید احمد خان کے زیر اثر حالی نے بڑے پیمانے پر قومی شاعری کی ابتدا کی تھی اور ہندوستان کے مسلمانوں نے عام طور پر قومی اصطلاحوں میں سوچنا شروع کیا تھا۔ اس دور میں مسلمانوں کے اجتماعی ذہن کی نفسیاتی بنیاد دو احساسات پر قائم تھی، ایک گذشتہ کی عظمت کا احساس اور دوسرا موجودہ پستی اور ادبار کا احساس۔ مدوجزر اسلام اس نفسیات کی اعلیٰ ترین تصویر ہے۔ ایک اور قوت اس زمانے میں مسلمان ذہن پر اثر انداز تھی یعنی انگریزوں کی سربلندی اور ترقی پذیری کا رعب حالی نے عظمت گزشتہ اور پستی حاضرہ کے ساتھ جو تیسری ذہنی جہت قائم کی وہ یہی تھی کہ مغربی اقوام کی ترقی کے بھید کو کھوجا جائے اور ان کی ریس کے ذریعے موجودہ حالت کو بدلا جائے۔ اقبال نے قومی اور عمرانی

شاعری کی اِس روایت کے تسلسل کو قائم رکھا ہے۔

لیکن اقبال اور حالؔی کے ذہنی مسلک میں بڑا فرق ہے۔ حالی کی قومی شاعری فی الاصل معلّمانہ شاعری ہے، ان کی ذات میں ایک ایسا دردمند اور شفیق استاد پنہاں ہے جس کے دلآویز درس کی مخاطب ساری مسلمان قوم ہے۔ اقبال کا انداز تدریسی ہیئت تخلیقی اور انقلابی ہے۔ ماضی کی عظمت ان کے ہاں بھی ایک مستقل قدر ہے لیکن انھیں اسلاف کے کارناموں سے زیادہ ان محرکات اور اس نظام کی جستجو ہے جن سے یہ کارنامے ابھرے ہیں۔ ان کا مقصود عبرت نہیں خودشناسی ہے۔ اس لحاظ سے اقبال کی ملی شاعری اُردو اور فارسی ادب میں ایک نئی اور انقلابی چیز ہے۔

اقبال کے عمرانی تصورات کو سمجھنے کے لئے یہ بات بھی یاد رکھنی ضروری ہے کہ ان کے ذہنی ارتقاء کے ساتھ ساتھ ان تصورات میں کچھ تاکیدی تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں گو ان کا سررشتہ مستقل طور پر ایک ہی رہا ہے۔ پروفیسر عزیز احمد نے اقبال کی شاعری کے تفہیم کی خاطر تین دور قائم کئے ہیں۔ ایک ابتدائی وطنی شاعری کا دور، دوسرا اسلامی شاعری کا دور اور تیسرا انقلابی شاعری کا دور۔ یہ تقسیم بڑی حد تک کارآمد ہے لیکن جیسے خود عزیز احمد نے تسلیم کیا ہے ان میں سے ہر ایک دور میں دوسرے ادوار کے عناصر شریک رہے ہیں۔ "بانگ درا" کے پہلے حصے کی شاعری ہندی وطنیت کی شاعری ہے اور اقبال بحیثیت مجموعی ایک ہندی معاشرے کی اصطلاح میں سوچتے ہیں جس کے ہندو اور مسلمان شریک و سہیم ہیں۔ اپنے ہمعصروں اور پیشروں کی طرح وہ نفاق کی لعنت اور اتفاق کی ضرورت کا بار بار ذکر کرتے ہیں۔ یہ ۱۹۰۵ء سے پہلے کا دور ہے لیکن ۱۹۰۴ء میں اقبال نے جو مضمون "قومی زندگی" کے عنوان سے لکھا اس میں اسلامی معاشرے کا تصور نمایاں ہے۔ چنانچہ اس مضمون میں اقبال جس قوم سے مخاطب ہیں وہ ہندوستان کی ملت اسلامی ہے اور اس کی بنیاد مذہب پر رکھی گئی ہے۔

"مسلمانوں میں اصلاح تمدن کا سوال درحقیقت ایک مذہبی سوال ہے کیونکہ اسلامی تمدن اصل میں مذہب اسلام کی عملی صورت کا نام ہے اور ہماری زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جو اصول مذہب[1]

---

[1] "قومی زندگی" مضامین اقبال مرتبہ تصدق حسین تاج، احمدیہ پریس حیدرآباد دکن ۱۳۶۲ھ

سے جدا ہو سکتا ہے"۔ بحیثیت مجموعی اس مضمون کا ابتدائی حصہ ڈارون و اسپنسر کے ارتقاء اور پیکار بقاء کے نظریوں کی روشنی میں انسانی گروہوں اور قوموں کی تشکیل و بقاو فنا کے ذکر پر مشتمل ہے اور باقی زیادہ تر اسلامی ہے جس میں کسی قدر سرسید و حالی کا رنگ آگیا ہے اور جس میں عورتوں کے حقوق اور سماجی مقام، تعداد ازدواج، شادی بیاہ کی رسموں اور تعلیم وغیرہ سے بحث کی گئی ہے لیکن اس مضمون میں جو عمرانی حیثیت سے انقلابی بات مسلمانوں کے تعلق سے علامہ نے کہی ہے وہ انھیں کے الفاظ میں یہ ہے کہ "فقہا کے استدلالات جن کے مجموعے کو عام طور پر شریعت اسلامی کہا جاتا ہے ایک نظر ثانی کے محتاج ہیں" اس کی تشریح کرتے ہوئے انھوں نے لکھا ہے کہ یہ استدلال "اکثر ایسے ہیں جو خاص خاص زمانوں کے لئے واقعی مناسب اور قابل عمل تھے مگر حال کی ضروریات پر کافی طور پر حاوی نہیں ہیں" اس سے کچھ آگے یہ جملہ ہے کہ "جس طرح اس وقت ہمیں تائید اصول مذہب کے لئے ایک جدید علم کلام کی ضرورت ہے اسی طرح قانون اسلامی کی جدید تفسیر کے لئے ایک بہت بڑے فقیہہ کی ضرورت ہے"۔ لیکن جب وہ محسوس کرتے ہیں کہ "اسلامی دنیا میں اب تک کوئی ایسا عالی دماغ مقنن (امام ابو حنیفہؒ کے بعد) پیدا نہیں ہوا" تو وہ یہ کہتے ہیں کہ "یہ کام شاید ایک سے زیادہ دماغوں کا ہے"۔ یہ بڑی حیرت کی بات ہے کہ ہندی مسلمانوں کی عمرانی فکر آج تین چوتھائی صدی کے بعد بھی اس نقطے سے آگے جانا تو کجا اس نقطے تک بھی نہیں پہنچی۔

"ترانۂ ہندی" سے "ترانۂ ملی" تک کی راہ جو ۱۹۰۵ء قبل سے ۱۹۰۸ء تک کا فاصلہ ہے، کس طرح طے ہوا اس کی تفصیل کسی کو معلوم نہیں ہے۔ ۱۹۰۴ء کے اس مذکورہ مضمون کو خیال میں رکھا جائے تو یہ اتنی بڑی تبدیلی نہیں معلوم ہوتی جتنی بظاہر ہے۔ بنیادی طور پر یہ تبدیلی وطنیت کے تصور کی تبدیلی ہے۔ اس بات کا کوئی قطعی ثبوت تو غالباً موجود نہیں ہے کہ اقبال کی عمرانی فکر میں کبھی وطن کو اساسی مقام حاصل تھا لیکن جس شدت سے اقبال نے بعد میں وطنیت کی نفی کی ہے اس سے شبہ ہوتا ہے کہ غالباً رہا ہوگا بہر حال ۱۹۰۸ء کے بعد سے اقبال کے ذہن میں وطنیت کی عمرانی نفی اور وطن سے گہری جذباتی محبت دونوں کی یکجائی شدت سے ملتی ہے۔ یہ بظاہر متضاد مسلک ساری عمر اقبال کے ساتھ رہا اور مجھے یہ کہتے

ہوئے ذرا بھی پس وپیش نہیں کہ اقبال کے کٹر پرستاروں نے نہ کبھی اسے سمجھنے کی کوشش کی اور نہ کبھی اس درجہتی سفر میں وہ اقبال کا ساتھ دے سکے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تضاد علم ذہنوں کے لئے بڑا ہی باعث خلجان ہوسکتا ہے لیکن ہر بڑی شخصیت کی علامت یہ ہے کہ جو تضاد اوروں کے لئے باعث خلجان ہوں وہ اس میں بے تکان جذب ہوجاتے ہیں۔

میں اپنی بحث میں آگے بڑھنے سے قبل چند جملے اس امر کو پیش کرنے پر صرف کروں گا کہ وطنیت کی سخت مخالفت کے باوجود اقبال کے دل میں وطن اور اہل وطن کی محبت ہمیشہ جاگزیں رہی غالباً "بانگ درا" میں کہیں یہ شعر ہے کہ ؎

وطن کی خاک سے مر کر بھی ہمکو انس باقی ہے　　　مزہ دامانِ مادر کا ہے اس مٹی کے دامن میں

جاوید نامہ ان کی دیرینہ سالی کی تصنیف ہے اس میں روح ہندوستان طوق و بند میں نمودار ہے لیکن اس اس کا حسن بے مثال ہے اور اقبال نے بڑے دکھ کے ساتھ یہ کہا ہے کہ ؎

ہندیاں بیگانہ از ناموس ہند

کا ویری ان کو جیحون و فرات سے زیادہ عزیز ہے۔ ضرب کلیم میں جو اقبال کا آخری مجموعۂ کلام ہے۔ شعاع امید ہند کی تاریک فضا سے لپٹی ہوئی ہے کہ ؎

خاور کی امیدوں کا یہی خاک ہے مرکز　-　اقبال کے اشکوں سے یہی خاک ہے سیراب

وطن کے سیاسی و عمرانی تصور سے اقبال ۱۹۰۵ء کے قطعی برگشتہ ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ تو یہ ہے کہ اسلام سے ان کی وابستگی متقاضی ہے کہ قومی وطنیت سے انکار کیا جائے۔ اسلام نے دنیا کی تاریخ میں پہلی دفعہ انسان کو قیود و مکانی و نسلی سے آزاد کیا اور ایک وسیع بین الاقوامیت اور انسانی برادری کا تصور پیش کیا۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی مسلمان وطن کو اپنی ہستی عمرانی کا مرکز بنالے۔ "ملت بیضا" والے مضمون میں اقبال نے اس کی وضاحت کی ہے۔ "مسلمانوں اور دنیا کی دوسری قوموں میں　فرق یہ ہے کہ قومیت کا اسلامی تصور۔ دوسری اقوام کے تصور سے بالکل مختلف ہے۔ ہماری قومیت کا اصل اصول نہ اشتراک زبان، نہ اشتراک وطن، نہ اشتراک اغراض اقتصادی۔ بلکہ ہم لوگ اس

۱۰

برادری میں جو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم فرمائی تھی اس لئے شریک ہیں کہ مظاہر کائنات کے متعلق ہم سب کے معتقدات کا سرچشمہ ایک ہے (مضامین ص ۴۶) بلحاظ ایک قوم ہونے کے ہم جس مرکز پر آ کر جمع ہو سکتے ہیں وہ مظاہر آفرینش کے متعلق ایک خاص قسم کا اتفاقی سمجھوتہ ہے جو ہم نے آپس میں کر رکھا ہے" (مضامین ص ۸۶)

اقبال نے اس خیال کو کہ مسلمانوں کے لئے معاشرے کی بنیاد مذہب ہے، بار بار دہرایا ہے۔ مولانا حسین احمد مدنی کے جواب میں جو مضمون "جغرافیائی حدود اور مسلمان" کے زیر عنوان مضامین اقبال میں شائع ہوا ہے اور جو ۱۹۳۸ء میں مکمل ہوا ہے اس میں علامہ نے اس نکتے پر طویل بحث کی ہے اور قوم کے جغرافی نظریے کو رد کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "وہ امت مسلمہ جس دین فطرت کی حامل ہے اس کا دین قیم ہے، دین قیم کے الفاظ میں ایک عجیب و غریب لطیفۂ قرآنی مخفی ہے۔ اور وہ یہ کہ صرف دین ہی متقوّم ہے۔ اس گروہ کے امور معاشی اور معادی کا جو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اس انتظام کے سپرد کرے۔ بالفاظ دیگر یہ کہ قرآن کی رو سے حقیقی تمدنی یا سیاسی معنوں میں قوم دین اسلام سے ہی تقویم پاتی ہے"۔ اس بحث کا حاصل یہ ہے کہ اقبال کم از کم مسلمانوں کے عمرانی نظام کی بنیاد مذہب اسلام کی روحانی اور اخلاقی قدروں پر رکھنا چاہتے ہیں۔ یہ بھی ایک طرح کا معاہدہ ہے لیکن روسو کے عمرانی معاہدے کے برخلاف اس کی بنیاد "ایک اخلاقی نصب العین پر ہے" (خطبہ صدارت آل انڈیا مسلم لیگ، اجلاس منعقدہ الٰہ آباد دسمبر ۱۹۳۰ء مضامین، ص ۱۲۱)۔

یورپ کی وطنی قومیت کو اقبال انسان کی عمرانی تباہی کا ذمہ دار سمجھتے ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے کہ اس نظریے نے گروہی اتحاد اور گروہوں کے درمیان مسابقت کو فروغ دے کر انسانیت کو کچھ فائدہ ضرور پہنچایا لیکن اس کے ساتھ ساتھ استحصال و چیرہ دستی کی راہ کھول دی جس کا نتیجہ انسانیت کی تباہی کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا۔ بانگ درا میں "ترانۂ ملّی" کے بعد جو نظم درج ہے اس کا عنوان "وطنیت" ہے۔ اس میں یہی خیالات بڑی بے تکان روانی سے نظم میں ڈھل گئے ہیں۔ (بانگ درا، ص ۱۷۳)

اسلامی معاشرے کے ستون اقبال نے "رموز بے خودی" میں توحید اور رسالت قرار دئے ہیں۔ توحید معاشرے کو خوف اور ہر قسم کی ذہنی غلامی سے آزاد کرتی ہے۔

قیّم = قائم کرنے، نظر رکھنے والا۔ متقوّم راست رکھنے والا۔ مَعاد۔ لوٹ کر جانے کی جگہ آخرت

بیم و شک میرد عمل گردد حیات	چشم می بیند ضمیرِ کائنات

توحید کا پیغام اور قانون خداوندی صحیفۂ قرآن میں موجود ہے لیکن نبی کی ذات کے بغیر جس کے اعمال و کردار میں اور جس کی انسانی آواز کے ذریعہ یہ اصول و قانون مجسم و منکشف ہوتے ہیں، وہ ایک حرف بے صوت کی طرح ہیں۔

حرف بے صوت اندریں عالم بُدیم	از رسالت مصرعِ موزوں شدیم

اقبال کے عمرانی فلسفے کا یہ حصہ اہم ہے لیکن اس پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اس لئے میں اس کی تفصیلات میں نہیں جاؤں گا مجھے فی الحال اقبال کے ان دو بحث طلب خیالات کو پیش کرنا ہے جو انھوں نے عام طور پر ہیئت اجتماعی اور بالخصوص اسلام کی ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کے بارے میں ظاہر کئے ہیں۔ اقبال نے اپنی شاعری میں خودی اور انفرادی انا کو جس تاکید اور جس تکرار کے ساتھ پیش کیا ہے اس سے عام طور پر لوگ واقف ہیں۔ دوسری طرف انھوں نے خصوصاً نثر میں جماعت اور ایک قائم بالذات قومی انا کی جو تصویر پیش کی ہے وہ ایسی ہے کہ اقبال کے قاری کو ان دو تصورات خودی و بے خودی کے باہمی رشتوں کو سمجھنے میں بڑی الجھن ہو سکتی ہے۔ بطور جملۂ معترضہ میں یہاں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میری ناچیز رائے میں اقبال کی شاعری میں کئی ایسے نقطے ہیں جو ایک دوسرے کے متقابل قائم ہیں (جیسے خودی و بے خودی) اور جن کے درمیان ان کی شاعری کا وہ تناؤ قائم ہے جو کسی اعلیٰ درجے کے ساز کے کھنچے ہوئے تاروں کے مماثل ہے۔

"رموزِ بے خودی" کی ابتدا اقبال نے ربط فرد و جماعت سے کی ہے۔ "بانگ درا" کی نظم "شمع اور شاعر" میں وہ مشہور شعر ہے جو اقبال کے اُن اشعار میں سے ہے جنھیں لوگ وظائف کی طرح دہراتے ہیں۔

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں	موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

لیکن ان کے اس موضوع پر خیالات کی فکری اور نظری سطح پر تشریح "ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر" میں ملتی ہے۔ یہاں اقبال نے یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ "جماعت کی زندگی بلحاظ اپنے اجزائے ترکیبی یعنی افراد کی زندگی کے بالکل جداگانہ ہوتی ہے" اقبال کے لحاظ سے قوم کی ایک اجتماعی انا ایک اجتماعی نفس ہوتا ہے جو بجائے خود "مدرک جزئیات و کلیات اور خبیر و مرید ہے" یعنی ایک اپنا ادراک و علم و ارادہ رکھتا ہے۔ فرد اس جماعتی انا کا تابع ہے اور اس کا کوئی عمل اس انا کے دائرے سے باہر نہیں۔ "فرد اس جماعت کی زندگی میں جس کے ساتھ اس کا تعلق ہے بمنزلہ ایک عارضی و آنی لمحہ کے ہے۔ اس کے

خیالات، اس کی تمنائیں، اس کا طرزِ ماند و بود، اس کے جملہ قوائے دماغی و جسمانی بلکہ اس کے ایامِ زندگانی کی تعداد تک اس جماعت کی ضروریات و حوائج کے سانچے میں ڈھلی ہوئی ہے جس کی حیات اجتماعی کا وہ محض ایک جزوی مظہر ہے"۔ مجھے علم نہیں کہ اقبال نے یہ نظریہ کہاں سے لیا ہے۔ ان کی شاعری میں جہاں تک میں نے دیکھا ہے قومی ہستی یا اجتماعی نفس کے "ذوی العقل اور ذوی الارادہ" ہونے کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ "رموزِ بے خودی" میں یہ بیان ہے کہ ؎

فرد را ربط جماعت رحمت است　　　جوہر او را کمال از ملت است

اور یہ کہ فرد جماعت میں گم ہو کر ہی قطرے سے دریا بنتا ہے لیکن قومی ہستی کو ایک خود مختار "نفس ناطقہ" قرار دینے میں ایک عمرانی جبر کا پہلو نکلتا ہے اور ایک آن کو یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ قوم کے استبدادی نظریے کے قریب ہے جس میں افراد کا بے رحمانہ استحصال چند مقرر کردہ قومی مقاصد کے لئے نہ صرف جائز بلکہ لازمی ہے۔ پھر یہ خود اقبال کے نبوت کے نظریے سے متصادم ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی کی ذات کے بغیر حیات انسانی میں انقلاب رونما نہیں ہو سکتا۔ نبی کی غیر معمولی ذہنی قوا اسے اُن انفرادی واردات کا حامل بناتے ہیں "جن سے بڑے بڑے اجتماعی نظامات کی تخلیق ہوتی ہے"!

(خطبہ صدارت، آل انڈیا مسلم کانفرنس منعقدہ لاہور ۱۹۳۲ء مضامین، ص ۱۴۲) گویا نبی کی بعثت انفرادی انا کا ایسا دھاکہ ہے جو نفس اجتماعی کے ادراک و ارادے کو منقلب کر کے رکھ دیتا ہے۔ بہر حال اقبال کے اجتماعی نفس ناطقہ کے نظریے کو اگر اس کی منطقی انتہا تک کھینچا نہ جائے تو اس میں ایک طرح کی بصیرت کا عکس نظر آئے گا۔ ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ نے یوروپی تہذیب پر مسیحیت کے اثر پر بحث کرتے ہوئے ایک جگہ یہ بات لکھی ہے کہ یوروپی سماج میں مسیحیت کے خلاف بغاوت بھی بہر حال مسیحیت ہی کی متشکل کردہ ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ فرد ہستی اجتماعی کو اس طرح اپنے اندر لئے پھرتا ہے کہ اس کے آزادانہ اور باغیانہ اعمال بھی اسی ہستی یا انا کے زیر اثر ترتیب پاتے ہیں۔ دوسری طرف فرد کے شخصی اعمال میں رچاؤ اور معنویت بھی اسی حیات اجتماعی سے آتی ہے جو ایک دریا کی طرح ماضی کے دھندلکوں سے بہتی آ رہی ہے اور استقبال کی وادیوں کی طرف موج زن ہے۔

"قوموں کے لئے سب سے زیادہ اہم یہ عقیدہ ہے کہ قومی ہستی کا سلسلہ بلا انقطاع کس طرح قائم رکھا جائے" (مضامین ص ۸۳) جس طرح انفرادی نفس کا صحت مند وجود ذہنی تجربوں کے "باقاعدہ تواتر" پر ہے اسی طرح اقوام کے نفس ناطقہ کا تسلسل اس اجتماعی تجربے کے باقاعدہ انتقال پر ہے جو نسلاً بعد نسلٍ قوم کو اپنے

اسلاف سے میراث میں پہنچتا رہتا ہے۔" یہیں ماضی کی اُن روایات کی اہمیت نمایاں ہوتی ہے جو اقبال کے قول کے مطابق "نفس ناطقۂ قومی میں جذب اور پیوست ہو کر...... سیل و فرسنگ کا کام دیتے ہیں"۔ (ص ۹۵) اور اجتماعی تجربے کے باقاعدہ انتقال کا بندوبست کرتے ہیں۔ یہ اقبال کا وہ مثبت تعلق ہے جو انھوں نے ماضی سے قائم کیا تھا اور جسے غلطی سے "ماضی پرستی" کا نام کبھی کبھی دے دیا جاتا ہے۔

اقبال قومی ہستی کے تحفظ کے لئے عصبیت کو ضروری سمجھتے ہیں۔ اسلامی معاشرے کی بقا اس امر پر ہے کہ یہ معاشرہ اپنی بنیادی قدروں سے وابستہ رہے۔ مولانا حسین احمد مدنی کے جواب میں جو مضمون علامہ نے لکھا تھا اس میں اسلام کی عصبیت کو، جس کا ذکر وہ کئی بار کر چکے تھے پھر ایک مرتبہ دہرایا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں۔

"قرآن کی رو سے حقیقی تمدنی یا سیاسی معنوں میں قوم، دین اسلام سے ہی تقویم پاتی ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن صاف صاف اس حقیقت کا اعلان کرتا ہے کہ کوئی دستور العمل جو غیر اسلام ہو نامقبول و مردود ہے"۔ (ص ۱۹۱)

"اسلام ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کے اصول کی حیثیت میں کوئی لچک اپنے اندر نہیں رکھتا۔ اور ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کے کسی اور آئین سے کسی قسم کا راضی نامہ یا سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں"۔ (ص ۱۸۲) اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام نے اپنی مخصوص اخلاقی اور روحانی قدروں پر جس مربوط عمرانی اور سیاسی نظام کی تشکیل کی ہے اس میں اگر کہیں بھی رخنہ پڑے تو اس کی ساری عمارت معرض خطر میں آجاتی ہے۔ اقبال مسلمانوں کی اس کوشش کو کہ اپنی روایات اور اپنے تہذیبی مسلک کی حفاظت کی جائے سراسر حق بجانب سمجھتے ہیں، اور اس ضمن میں ان کے خیالات آج بھی اتنے ہی تازہ اور کارآمد معلوم ہوتے ہیں جتنے ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۸ء میں تھے اور پچھلے تیس برس کی تاریخ ہند پر نظر کر کے آج بھی یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان کی آواز مسلمان جماعت کے ضمیر کی آواز ہے۔ لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی کہنا لازم آتا ہے کہ عام مسلمانوں کی عصبیت اور اقبال کی عصبیت میں جو فرق ہے اس کو واضح کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ اوّل تو یہ کہ اقبال کی عصبیت اسلام کے گہرے مطالعے اور ادراک پر مبنی ہے اور دوسرے یہ کہ یہ عصبیت ایک مہذب و باشعور عصبیت ہے جس میں معاندانہ و جارحانہ رجحانات ناپید ہیں۔ ۱۹۳۰ء کے صدارتی خطبہ میں اقبال نے اس عام خیال کی نفی کی ہے کہ کسی جماعت کی اس خواہش کو کہ وہ اپنے عقائد کے مطابق زندگی بسر کر سکے اور ترقی کر سکے فرقہ واریت کا نام دیا جائے۔ اگر اسے فرقہ واریت کہا بھی جائے تو یہ کوئی بری چیز نہیں ہے، کیونکہ فرقہ واریت کی بھی بہت سی صورتیں

ہیں اس مقام پر اقبال نے وہ خوبصورت جملے کہے ہیں جو اس باب میں ان کی فکر کا بے لاگ اظہار اور ان کے خطبے کے موثر ترین حصوں میں سے ایک ہے۔ "وہ فرقہ واری جو دوسری قوموں سے نفرت اور ان کی بدخواہی کی تعلیم دے اس کے ذلیل اور ادنیٰ ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ میں دوسری قوموں کے رسوم و قوانین اور ان کے معاشرتی اور مذہبی ادارات کی دل سے عزت کرتا ہوں بلکہ بحیثیت مسلمان میرا یہ فرض ہے کہ اگر ضرورت پیش آئے تو احکام قرآنی کے حسب اقتضا میں ان کی عبادت گاہوں کی حفاظت کروں۔ بایں ہمہ مجھے اس جماعت سے دلی محبت ہے جو میرے اوضاع و اطوار اور میری زندگی کا سرچشمہ ہے اور جس نے اپنے دین اور اپنے ادب، اپنی حکمت اور اپنے تمدن سے بہرہ مند کر کے مجھے وہ کچھ عطا کیا جس سے میری موجودہ زندگی کی تشکیل ہوئی۔ یہ اسی کی برکت ہے کہ میرے ماضی نے از سر نو زندہ ہو کر مجھ میں یہ احساس پیدا کر دیا ہے کہ وہ اب بھی میری ذات میں سرگرم کار ہے۔" اس کے معنی یہ ہوئے کہ مسلمان اپنی عصبیت کی طرح دوسری عصبیتوں کی قدر و عزت کریں۔ خود اقبال کی راسخ مسلمانی ہنود و نصاریٰ کے تخیلات و افکار اور ان کے تمدنی اور مذہبی واردات کے گہرے اور ہمدردانہ مطالعے سے ابھری ہے۔ ان کے اوراقِ شاعری میں "میر حجاز" تو سالار کارواں ہے لیکن جہاں صدیق رضؓ و عمر رضؓ، علی رضؓ و حسین رضؓ، اویس رضؓ و بوذر رضؓ و زہرہ رضؓ، رومی و رازی، حلاج و غالب و طاہرہ کی شخصیتیں متحرک ہیں گوئٹے اور نطشے، لینن اور شیکسپیر، گوتم و وشوامتر و نانک، شنکراچاریہ و رقم اور یا لیک نکتہ داں کی پرچھائیاں بھی چلتی پھرتی نظر آتی ہیں۔

جہاں عصبیت معاشرے کے حفظ و بقا کے لئے ضروری ہے وہیں معاشرے کی تجدید بھی اتنی ہی بلکہ اس سے زیادہ اہم ہے۔ اقبال کیلئے ماضی اہم ہے لیکن اسی لئے اہم ہے کہ مستقبل کی تشکیل میں اس کے بعض اجزا کی یہ بہی ضرورت ہے۔ "ملت بیضا" میں انھوں نے لکھا ہے کہ ان کا مقصد قوم کی عمرانی حرکت پر استقبالی تنقید کرنا ہے۔ استقبالی تنقید کا فقرہ معنی خیز ہے اقبال کا بنیادی فلسفۂ زندگی حرکت و تجدید سے عبارت ہے۔ اور قومی زندگی بھی اسی طرح قانون ارتقا کی زد میں ہے جس طرح کائنات کی دوسری اشیاء۔ شریعت، فقہ اسلامی کی نظر ثانی "قانون اسلامی کی جدید تفسیر اور ایک جدید علم کلام کی ضرورت پر ان کے ۱۹۰۴ء کے ارشادات کا حوالہ اس گفتگو میں پہلے آ چکا ہے۔ اقبال کے "مذہبی فکر کی تشکیل جدید" والے انگریزی خطبوں کا تو سارا موضوع سخن یہی ہے۔ "ملت بیضا" میں انھوں نے لکھا ہے کہ "ہم کو لازم ہے کہ اپنے محاسن کو جانچیں اور پرکھیں اور اگر ضرورت آ پڑے تو نئے محاسن پیدا کریں"۔ انھوں نے اس مقام پر نطشے کا یہ قول دہرایا ہے کہ کسی قوم کی بقا کا دار و مدار محاسن کی مسلسل اور غیر مختتم تولید پر ہوتا ہے" (ص ۸۳)

یہ بات بڑی حیران کن ہے کہ مسلمانوں نے جو اقبال کی تعلیمات سے اس قدر متاثر ہیں، ان کی فکر کے اس پہلو پر بہت کم توجہ دی ہے۔ آج تک بھی اِس ملت کی ساری تحریکیں احیائی ہیں تجدیدی نہیں۔

اقبال کے عمرانی نظام فکر کا خلاصہ یہ ہوا کہ۔

۱۔ جماعت ایک انائے مدرک و مرید کی حامل اور فرد سے بالاتر ہے۔ یک رنگی اس کی جان ہے اور فرد کے اعمال و افکار اس کے ربط سے سمت و معنویت حاصل کرتے ہیں۔

۲۔ اس ملی معاشرے کی بنیاد وطن، نسل و رنگ یا اقتصادی مفادات پر نہیں بلکہ روحانی اور اخلاقی قدروں پر ہونی چاہیئے۔

۳۔ تاریخ کے موجودہ مرحلے میں صرف اسلام ہی ایسا معاشرتی نظام ہے جس کی اساس مذکورہ قدروں پر ہے اور جس کا مقصد ایک ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کی تشکیل ہے۔

۴۔ کسی بھی ہیئت اجتماعیہ کی بقاء کے لئے ضروری ہے کہ اس کا تسلسل روحانی و تمدنی تواتر تجربات ذہنی کی صورت میں قائم رہے۔

۵۔ ہر ملت اور معاشرے کا فرض ہے کہ نہ صرف اس تسلسل و تواتر کو قائم رکھے بلکہ حیات اجتماعی کی تجدید کا اہتمام کرے۔

اقبال کے نزدیک مذہب کو ایک انفرادی اور نجی معاملہ قرار دینا ایک ناقابل قبول بات ہے کیونکہ اسلام عیسائیت کی طرح ایک محض روحانی و رہبانی نظام نہیں ہے بلکہ ایک عمرانی اور سیاسی نظام بھی ہے۔ اس میں دین دنیا اور مادے اور روح کی ثنویت کا تصور بار نہیں پا سکتا۔ اقبال نے کسی جگہ یہ بات کہی ہے کہ اسلام مادیت کی قربت سے کبھی پریشان نہیں ہوتا۔ اقبال نے مسلم لیگ کے صدارتی خطبے میں یہ بنیادی سوال اٹھایا ہے کہ کیا اسلام کو محض بطور ایک اخلاقی تخیل کے برقرار رکھا جا سکتا ہے اور اس سوال کا نفی میں جواب دیا ہے۔ یہ سب کچھ مان لیا جائے تو مزید ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر ملت اسلامی جغرافیائی، وطنی و نسلی قیود سے بالا ایک معاشرتی ہیئت اجتماعیہ ہے تو کیا ساری دنیا کے مسلمان ایک ریاست کے تحت رہیں"؟

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر

لیکن اگر یہ نہ ہو سکے جب کہ خود اقبال کو یہ احساس ہو چکا تھا کہ اس کے امکانات نہیں ہیں، تو پھر مسلمانوں کی

حیاتِ اجتماعی کو کس طرح قائم رکھا جا سکتا ہے۔ اقبال نے ان سوالات سے اپنے ایک مضمون "ختمِ نبوت" میں بحث کی ہے، جو انھوں نے پنڈت جواہر لعل نہرو کے ماڈرن ریویو میں چھپنے والے تین مضامین کے جواب میں انگریزی میں تحریر کیا تھا اس مضمون سے حسب ذیل عبارت کو نقل کرنا اس ضمن میں کافی سمجھتا ہوں: "اگر قومیت کے معنی حب الوطنی اور ناموس وطن کے لئے جان تک قربان کرنے کے ہیں تو ایسی قومیت مسلمانوں کے ایمان کا ایک جزو ہے۔ اس قومیت کا اسلام سے اس وقت تصادم ہوتا ہے جب کہ وہ ایک سیاسی تصور بن جاتی ہے، اور اتحادِ انسانی کے بنیادی اصول ہونے کا دعویٰ کرتی ہے، اور یہ مطالبہ کرتی ہے کہ اسلام شخصی عقیدے کے پس منظر میں چلا جائے اور قومی زندگی میں ایک حیات بخش عنصر کی حیثیت سے باقی نہ رہے۔ ترکی، ایران، مصر اور دیگر اسلامی ممالک میں قومیت کا مسئلہ پیدا ہی نہیں ہو سکتا ان ممالک میں مسلمانوں کی زبردست اکثریت ہے اور یہاں کی اقلیتیں جیسے یہودی، عیسائی اور زرتشتی اسلامی قانون کی رو سے یا تو اہل کتاب ہیں یا اہل کتاب سے مشابہ ہیں، جن سے معاشی اور ازدواجی تعلقات قائم کرنا اسلامی قانون کے لحاظ سے بالکل جائز ہے۔ قومیت کا مسئلہ مسلمانوں کے لئے صرف ان ممالک میں پیدا ہوتا ہے جہاں وہ اقلیت میں ہیں، اور جہاں قومیت کا یہ تقاضا ہے کہ وہ اپنی ہستی کو مٹا دیں۔ جن ممالک میں مسلمان اکثریت میں ہیں اسلام قومیت سے ہم آہنگی پیدا کر لیتا ہے، کیونکہ یہاں اسلام اور قومیت عملاً ایک ہی چیز ہے۔ جن ممالک میں مسلمان اقلیت میں ہیں مسلمانوں کی یہ کوشش کہ ایک تہذیبی وحدت کی حیثیت سے خود مختاری حاصل کی جائے حق بجانب ہوگی۔ دونوں صورتیں اسلام کے بالکل مطابق ہیں۔"

مذہبی اور تہذیبی وحدت کی برقراری کا عقدہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج بھی ہندوستانی مسلمانوں کے ذہن میں ایک ہلچل کا باعث ہے۔ بڑی حد تک اس کا سیدھا سادا جواب عملاً گیرالا، کن ٹک اور تامل ناڈو کے مسلمانوں نے دیا ہے جو بظاہر پروفیسر مجیب کے خیال سے متفق معلوم ہوتے ہیں کہ مسلمانوں نے اس دیس میں اپنے آپ کو ہمیشہ بنیادی طور پر ایک مذہبی وحدت اور ملت کی حیثیت سے دیکھا ہے اور ان کی کوشش یہ رہی ہے کہ اپنی زندگی کو اسلامی تعلیمات کے زیر اثر استوار کریں۔ لیکن اقبال کے نزدیک گو اسلامی معاشرے کی بنیاد مذہبی اور نہایت سادہ ہے لیکن یہ معاشرہ اس تہذیبی فکری اور ادبی روایت کا بھی امانت دار ہے جو عرب و عجم نے صدیوں میں بنائی ہے اور جس میں خود ہندوستان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ اس ورثے کا خود اقبال آج ایک اہم جزو بن چکے ہیں۔

اس ساری گفتگو میں میں نے زیادہ تر اقبال کی نثر اور ان کی اس شاعری سے بحث کی ہے جسے عزیز احمد صاحب نے اسلامی دور کی شاعری کہا ہے۔ نثر میں ان کے اسلامی ہیئت اجتماعیہ کے تصورات آخر تک ملتے ہیں جیسا کہ مولانا حسین احمد کے جوابی مضمون سے ظاہر ہے۔ لیکن "بانگ درا" کے آخر اور "بال جبریل" اور "جاوید نامہ" میں اقبال کی جو شاعری ہے اس کا اصولی و وجدانی مرکز تو اسلام ہے لیکن اس کا محیط اسلامی جماعت سے آگے سامنے عالم انسانیت تک پھیلا ہوا ہے۔ یہاں اقبال کی فکر حرکت، خودی، فقر، عشق اور زماں و مکاں جیسے حیاتی، کائیناتی اور وجدانی تصورات سے معرکہ آرا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ ان کائیناتی فضاؤں میں بھی وہ اپنی جرات مند و بے باک مسلمانی کو لے آئے ہیں۔ ان کی حرکیت، ان کا فقر اور عشق بیک وقت حیاتی و کائیناتی بھی ہے اور اسلامی بھی ان کے عمرانی نظریوں میں ایک کا میں ذکر کروں گا جو ان کی اس انقلابی شاعری میں ایک نئی جہت اختیار کر کے آفاقی روپ میں نمودار ہوتا ہے۔ "ملت بیضا" میں اقبال نے اس اسلوب سیرت کا ذکر کیا ہے جو مسلمانوں کی قومی ہستی کے تسلسل اور ان کی بقا کے لئے ضروری ہے۔ یہ وہ اسلوب ہے جو معاشرے کی ترقی یافتہ شکل میں نمودار ہوتا ہے جب دور شجاعت اور دور مروت کے ابتدائی اسلوب متروک ہو چکے ہیں اس مضمون میں اقبال نے تیسرے اسلوب کی 'جس کی غایت الغائیت ضبط نفس ہے' مختلف مثالیں دی ہیں جن کا ذکر نزاعی بحثوں کو جنم دے سکتا ہے۔ "بال جبریل" میں یہ اسلامی کردار جو عمرانی بھی ہے اور وجدانی بھی ایک تمثالی پیکر کی طرح ابھرتا ہے۔ میرے خیال میں یہ کردار اقبال کی اسلامی فکر کا سب سے زیادہ وقیع اور جمیل تحفہ ہے جو عالمی ادب اور انسانی دنیا کو اقبال کی طرف سے عطا ہوا ہے۔ اقبال نے اس کردار کو قلندر، درویش خدامست، مرد خدا اور مرد مومن جیسی اصطلاحوں میں یاد کیا ہے۔ اس پیکر میں کئی کمالات یکجا ہیں، اس میں جلال و جمال، نرمی اور تندی کی ایسی ہم آہنگ یکجائی ہے کہ وہ حیاتیاتی ارتقا کی سب سے ارفع منزل پر فائز نظر آتا ہے ؎

پُرسوز و نظرباز و نکوبین و کم آزار
آزاد و گرفتار و تہی کیسہ و خرسند

خاکی و نوری نہاد بندۂ مولا صفات
ہر دو جہاں سے غنی اس کے دل بے نیاز

اس کی امیدیں قلیل، اس کے مقاصد جلیل
اس کی ادا دلفریب اس کی نگہ دل نواز

نرم دمِ گفتگو گرم دمِ جستجو
رزم ہو یا بزم ہو پاک دل و پاکباز

اقبال کا یہ جلیل و جمیل کردار محض مثالی نہیں تاریخی بھی ہے، اس کی انتہا وہ انسان کامل ہے جس کو ذاتِ محمدؐ میں ظاہر کر کے قدرت نے انسانی امکانات کی شہادت فراہم کی ہے۔ اس کی جھلکیاں ان "عربی شہسواروں" میں نظر آ چکی ہیں کہ جو "حامل خلق عظیم" تھے اور جن کی حکومت سے یہ راز فاش ہوا کہ "سلطنت اہل دل فقر ہے شاہی نہیں۔"

آخر میں، میں صرف یہ اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ اقبال کی ملی شاعری ہی پر رک جائیں اور اس کی اس کائناتی تنہائی کو نہ دیکھیں جو "بال جبریل" اور "جاوید نامہ" میں جابجا نمودار ہے تو آپ یہ سمجھ لیں کہ ابھی اقبال فہمی سے بہت دور ہیں۔ "رموز بیخودی" میں اقبال نے ستاروں کے جمگھٹے کو ربط جماعت کے رمز کے طور پر استعمال کیا ہے ؎

محفل انجم ز جذب باہم است ہستیِ کوکب ز کوکب محکم است

یہی ستارے "جاوید نامہ" میں تنہائی کی رمز ہیں :

گرچہ بر گردوں ہجوم اختر است ہر یکے از دیگرے تنہا تر است

ہر یکے مانند ما بیچارہ ایست در فضائے نیلگوں آوارہ ایست

یہ تضاد نہیں، ایک ایسی حساس شخصیت کی وجدانی جامعیت ہے جس میں فرد اور انسان کی حیاتیاتی تنہائی اور قوم و ملت کے عمرانی ہنگامے دونوں بیک وقت یکجا اور آسودہ ہیں، ؎

زار نالیدم صدائے بر نخاست
ہم نفس فرزندِ آدم را کجاست

جگن ناتھ آزاد

اقبال اپنی نظر میں

[یہ نثری بات چیت دہلی کے ایک یک روزہ قیام میں محبی رفعت سروش کی فرمائش پر آل انڈیا ریڈیو کے لئے قلم برداشتہ لکھی گئی تھی۔ اس وقت حوالے کے لئے کوئی کتاب میرے سامنے نہیں تھی۔ اس لئے ہو سکتا ہے کہ کسی شعر کے حوالے میں مجھ سے سہو ہو گیا ہو۔ خیال تھا کہ کسی وقت کلامِ اقبال کے مجموعوں کو سامنے رکھ کر اس بات چیت پر نظر ثانی کروں گا۔ لیکن اس کا موقع نہ مل سکا۔] جگن ناتھ آزاد

ہر بڑے شاعر کی طرح اقبال کے اندر بھی ایک بڑا نقاد پوشیدہ تھا جس نے اقبال کی شاعری، اقبال کے فکر و نظر اور اقبال کے نظریات پر احتساب کا کام اول سے آخر تک جاری رکھا۔ اس نقاد کا شاعر سے الگ ایک اپنا وجود بھی رہا اور اس کی شخصیت شاعر کی شخصیت کا ایک حصہ بھی رہی۔ اس نقاد نے شاعر کی شخصیت کا حصہ بن کر اقبال کے کلام میں وہ کیفیت پیدا کی جس سے اکثر و بیشتر شعراء کا کلام محروم رہتا ہے۔ آپ اگر اجازت دیں کہ میں اقبال کے تعلق سے نقد و نظر کو بھی جذبہ ہی کہوں تو میں یہ کہوں گا کہ نقد و نظر کے اس جذبے نے اقبال کے کلام میں کیوں اور کیا کی ایک ایسی کیفیت پیدا کر دی جس کے آئینے میں ہمیں یہ

دیکھنے کا بخوبی موقع ملا کہ اقبال خود اپنی شاعری اور اپنے نظریات کے بارے میں کیا سوچتے رہے۔ اور کیا کہتے رہے

ابھی اقبال کی شاعری کی ابتدا ہی تھی کہ انھوں نے انجمنِ حمایتِ اسلام لاہور کے ایک اجلاس میں "ابرِ گہربار" کے عنوان سے ایک طویل نظم پڑھی۔ یہ نظم بعد میں "فریادِ اُمت" کے نام سے ایک کتابچے کی صورت میں شائع ہوئی۔ یہ وہی نظم ہے جس کا صرف ایک بند "دل" کے عنوان سے "بانگِ درا" میں شامل ہے۔ اور جس کا پہلا مصرع ہے

قصۂ دار و رسن بازیِ طفلانۂ دل

اِس طویل نظم میں اقبال کہتے ہیں۔

رند کہتا ہے ولی مجھ کو، ولی رند مجھے! — سن کے ان دونوں کی تقریر کو حیراں ہوں میں
زاہدِ تنگ نظر نے مجھے کافر جانا! — اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلماں ہوں میں
کوئی کہتا ہے کہ اقبال ہے صوفی مشرب — کوئی سمجھا ہے کہ شیدائے حسیناں ہوں میں
دیکھ اے چشمِ عدو مجھ کو حقارت سے نہ دیکھ — جس پہ خالق کو بھی ہو ناز وہ انساں ہوں میں

میں اِن چند اشعار کو اقبال کے کچھ تخلیقی صلاحیتوں کا معجزہ سمجھتا ہوں۔ اس لئے کہ اقبال کی شاعری نے بعد میں جو ایک کثیر الجہت انداز پیدا کیا اور ایک جلوۂ ہزار رنگ کی صورت اختیار کی وہ سالہا سال پہلے اقبال کے دیدۂ دل کو اپنی جھلک دکھا رہی تھی۔ اِن مذکورہ چند اشعار میں اقبال نے اپنی شاعری کے مختلف پہلوؤں پر جس طرح سے بھرپور تبصرہ کیا ہے۔ وہ اس عظیم فنی شخصیت کا کمال ہے۔ جو ایک بڑے شاعر اور بڑے نقاد کے امتزاج سے پیدا ہوئی ہے۔

اقبال کے یہاں اپنی شاعری کا یہ احتساب ہمیں "اسرارِ خودی" سے "ارمغانِ حجاز" تک کئی مدارج طے کرتا نظر آتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہ اقبال اپنے بارے میں کیا کہتے ہیں یا اقبال کا اپنی نظر میں کیا مقام ہے۔ فکر و فن اقبال کا ایک ایسا پہلو ہے۔ جو اقبال کی نظم و نثر میں نمایاں طور پر ہمارے سامنے آتا ہے۔ "اسرارِ خودی" میں فن و فکر پر بحث کرتے ہوئے اقبال خود اپنی شاعری کو زیرِ بحث لاتے ہیں۔ اور شعر اور مقصد کو ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

راہِ شب چوں مہرِ عالمتاب زد — گریۂ من بر رخِ گل آب زد

باغباں زورِ کلام آزمود
مصرعے کاریدو شمشیرے درود

یہ اقبال کا ۱۹۱۴ء کا کلام ہے اور ممکن ہے "اسرارِ خودی" کا یہ حصہ اور پہلے کا ہو اور غالباً ہوگا۔ لیکن کس قدر مقام حیرت ہے کہ اقبال اپنے زورِ کلام پر مصرعے کاریدو شمشیرے درید کا اطلاق کر رہے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں شاعری پیغمبری کے قریب پہونچ جاتی ہے۔ بلکہ پیغمبری کا جزو بن جاتی ہے۔

اپنی شاعری اور اپنا فکر اقبال کے نقد و نظر کا خاص موضوع رہے ہیں "گلشن راز جدید" میں کہتے ہیں ؂

نہ پنداری کہ من بے بادہ مستم — مثالِ شاعراں افسانہ بستم
نہ بینی خیر ازاں مردِ فرودست — کہ بر من تہمتِ شعر و سخن بست
بکوئے دلبراں کارے ندارم — دلِ زارے غمِ یارے ندارم
نہ خاکِ من غبارِ رہگذارے — نہ در خاکم دلِ بے اختیارے

ان اشعار میں اقبال صرف اپنی شاعری ہی پر نہیں بلکہ اپنے دور کی اور اپنے دور سے پہلے کی اردو اور فارسی شاعری پر بھی تبصرہ کر رہے ہیں۔ اور قاری کو اعلیٰ شاعری اور معمولی شاعری کا فرق سمجھا رہے ہیں۔ اقبال کی نظر میں کوئے دلبراں والی شاعری یا دوسرے لفظوں میں رقیب اور قاصد اور دربان والی شاعری چھوٹے درجے کی شاعری ہے۔ بڑی شاعری نہیں ہے۔ بڑی شاعری اقبال کے نزدیک وہی ہے جس کی مثالیں اقبال نے اس طرح کے اشعار میں پیش کی ہیں۔

شاعرِ دلنواز بھی بات اگر کہے کھری — ہوتی ہے اسکے فیض سے کشتِ سخنوری ہری

شاعرِ رنگیں نوا ہے دیدۂ بینائے قوم

یا

اسی نظم میں کہتے ہیں۔

مبتلائے درد کوئی عضو ہو روتی ہے آنکھ — کسقدر ہمدرد سارے جسم کی ہوتی ہے آنکھ

اور اقبال نے اس ضمن میں شعوری کوشش کی ہو یا نہ کی ہو ایک حقیقت ہے کہ اقبال کا کلام اول سے آخر تک اس معیار پر پورا اترا ہے۔

تخلیق شعر کے سلسلے میں شعوری کوشش کی بات آگئی ہے تو اس ضمن میں عرض کر دوں کہ فنی تخلیق میں شعوری لمحات کے ساتھ ہی ساتھ لاشعوری لمحات کے تخلیقی عمل کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہر بڑا شاعر اپنے کلام کا تجزیہ کرنے پر قادر ہوتا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ایسا نہیں ہے بڑے شعراء نے اکثر ان فلسفیانہ مسائل کا ذکر استفہامیہ انداز میں کیا ہے۔ جو ان کے یہاں کسی نہ کسی سلجھی ہوئی صورت میں ملتے ہیں۔ انہوں نے اکثر ان شعری خصوصیات کے بارے میں ایسے سوالات پیش کئے ہیں جو اُن کے کلام میں عناصر ترکیبی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اقبال بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ ۱۹۱۱ء یا ۱۹۱۲ء کے زمانے کی ان کی ایک غزل ہے جس میں وہ کہتے ہیں۔

سخن میں سوز الٰہی کہاں سے آتا ہے
یہ چیز وہ ہے کہ پتھر کو بھی گداز کرے

گویا شعر میں سوز کی موجودگی شعر کا ایک ایسا پہلو ہے جو شعوری طور پر اقبال کی گرفت میں نہیں آرہا ہے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ اس سوال نے اقبال کو کتنی مدت پریشان رکھا ہوگا۔ اور اس گتھی کو سلجھانے کے لئے انھیں کتنی بے خواب راتیں بسر کرنا پڑی ہوں گی۔ لیکن ۱۹۳۲ء میں جب وہ آسمانوں کی سیر کے دوران میں بہشت برین میں پہنچتے ہیں اور وہاں ان کی ملاقات ہندوستان کے ایک اور عظیم شاعر بھرتری ہری سے ہوتی ہے۔ تو ان سے پہلا سوال وہ یہ کرتے ہیں۔

شعر را سوز از کجا آید بگوی
از خودی یا از خدا آید بگوی

تو گویا اپنے کلام کو سوز و گداز سے معمور کر دینے کے باوجود اقبال سوز و گداز کا راز پانے کے لئے اس کا تجزیہ کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ اور پندرہ سولہ برس تک اس کوشش میں مصروف رہنے کے باوجود ایک بار پھر اس سوال کو دہرا کے قاری کو اس حقیقت سے آگاہ کرتے ہیں کہ میں ان چودہ برس کی مدت میں اس سوال کا جواب نہیں پا سکا۔ دنیائے ادب میں وسعت نظری کی مثالوں میں یہ ایک مثال ہے۔

تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ یعنی RECONSTRUCTION OF RELIGIOUS THOUGHT IN ISLAM اقبال کی ایک ایسی نثری تصنیف ہے، انگریزی زبان میں، جس کا دنیائے فلسفہ میں بہت اونچا مقام ہے۔ یہ کتاب شروع میں چھ لیکچروں پر مشتمل تھی۔ بعد میں ان کی تعداد سات ہو گئی۔ اس کے دیباچے میں آپ لکھتے ہیں۔ (اب اس عبارت کے صحیح الفاظ تو مجھے یاد نہیں۔ مفہوم میں پیش کر رہا ہوں)

فلسفے میں قطعیت نام کی کوئی شئے نہیں ہے۔ جوں جوں وقت گزرتا جائے گا اور کاروانِ فکر اپنا قدم آگے بڑھاتا چلا جائے گا اغلب ہے کہ ان خیالات سے جو ان مقالات میں پیش کئے گئے ہیں۔ زیادہ لطیف خیالات اہل نظر کے سامنے آئیں گے۔

گویا اقبال کی رائے میں اپنی فلسفیانہ تحریروں کے متعلق انتہائی طور پر ترقی پسندانہ تھی اور اپنی تحریروں کو انھوں نے حرفِ آخر نہیں سمجھا۔ اگرچہ حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ کتاب RECONSTRUCTION OF RELIGIOUS THOUGHT IN ISLAM کے مباحث آج بھی ذہنِ انسانی کی اسی طرح رہنمائی کر رہے ہیں جس طرح ۱۹۲۸ء اور ۱۹۲۹ء میں کر رہے تھے۔

اس ضمن میں جو نکتہ میں اپنے سننے والوں کے سامنے لانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اقبال نے فکر و فن کے معاملے میں اپنی طالب علمانہ حیثیت کو بہت اہمیت دی ہے۔ اور اپنی فنی عظمت سے آشنا ہونے کے باوجود فکر و فن کے معاملہ میں اپنے آپ کو ایک طالب علم ہی سمجھا ہے۔ جہاں تک عظمت کا تعلق ہے اس قسم کے اشعار سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ اقبال اپنے مقام سے آشنا تھے مثلاً

زیارت گاہ اہلِ عزم و ہمت ہے لحد میری — کہ خاکِ راہ کو میں نے بتایا رازِ الوندی

چو رختِ خویش بربستم ازیں خاک — ہمہ گفتند با ما آشنا بود

ولیکن کس ندانست ایں مسافر — چہ گفت و با کہ گفت و از کجا بود

میں ظلمتِ شب میں لے کے نکلوں گا اپنے درماندہ کارواں کو — شرر فشاں ہوگی آہ میری نفس مرا شعلہ بار ہوگا

اندھیری شب ہے جدا اپنے قافلے سے ہے تو — ترے لئے ہے مرا شعلۂ نوا قندیل

لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ جو میں نے طالب علمانہ زندگی بسر کرنے والی بات کہی ہے۔ وہ بھی اپنی جگہ ایک حقیقت ہے۔ نثر میں انھوں نے ایک جگہ اس طرح کلمات لکھی ہے۔ کہ شاعری کو بطور فن سیکھنے کے لئے جو وقت درکار ہے وہ مجھے نہیں ملا۔ اس لئے میری شاعری کو فنی باریکیوں کے اعتبار سے دیکھنا عبث ہے ایک اور موقعے پر یہ کہتے ہیں کہ ممکن ہے کہ آنے والی نسلیں مجھے شاعر ہی نہ سمجھیں۔ ہو سکتا ہے ایسا کہنا ان کے حد سے بڑھے ہوئے انکسار کا نتیجہ ہو۔ لیکن جہاں تک طالب علم کا اور دوسروں کے کمالِ فن کے اعتراف کا تعلق ہے۔ انھوں نے اکثر اس کا اظہار

کی ہے۔ اپنی ایک نظم میں جس کا عنوان ہے "جاوید سے" کہتے ہیں۔

کیا میری بساط ہے جہاں میں ۔۔۔ بس ایک فغانِ زیر بامی
نایاب نہیں متاعِ گفتار ۔۔۔ صد انوری و ہزار جامی

اور پھر چونکہ انھیں اس امر کا بخوبی احساس ہے کہ ان کا کلام تہ دار معنویت سے لبریز ہے اور ان کا محض سطحی طور پر مطالعہ قاری کو بعض غلط اندیشیوں میں بھی مبتلا کر سکتا ہے۔ اس لئے اپنے کلام کے مطالعے سے متعلق قاری کو انتہائی طور پر محتاط ہونے کا درس دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

کرمِ شب تاب است شاعر در شبستانِ وجود ۔۔۔ در پر و بالش فروغے گاہ ہست و گاہ نیست

اسی بات کو انھوں نے اور موقعوں پر مختلف اسالیب میں بیان کیا ہے۔ تاکہ ان کے اور قاری کے درمیان کم سے کم فاصلہ باقی رہے مثلاً۔

صاحبِ ساز کو لازم ہے کہ غافل نہ رہے ۔۔۔ گاہے گاہے غلط آہنگ بھی ہوتا ہے سروش

اور اس سے زیادہ واضح انداز میں اسی بات کو یوں کہتے ہیں۔

گاہ میری نگاہ تیز چیر گئی دلِ وجود ۔۔۔ گاہ الجھ کے رہ گئی اپنے توہمات میں

"بالِ جبریل" اقبال کا نمائندہ اردو مجموعہ کلام ہے۔ اس میں پیمانہ اور زیادہ شدت کے ساتھ چھلک اٹھا ہے اور میری بات نامکمل رہ جائے گی اگر میں اپنی اس بات چیت کو ختم کرتے وقت اس پیمانۂ الہام کے چند جرعے اس محفل میں پیش نہ کروں۔

فطرت نے مجھے بخشے ہیں جوہر ملکوتی ۔۔۔ خاکی ہوں مگر خاک سے رکھتا نہیں پیوند
درویشِ خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی ۔۔۔ گھر میرا نہ دلی نہ صفاہاں نہ سمرقند
کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق ۔۔۔ نے ابلۂ مسجد ہوں نہ تہذیب کا فرزند
اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش ۔۔۔ میں زہرِ ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند
مشکل ہے کہ اک بندۂ حق بین و حق اندیش ۔۔۔ خاشاک کے تودے کو کہے کوہِ دماوند
ہوں آتشِ نمرود کے شعلوں میں بھی خاموش ۔۔۔ میں بندۂ مومن ہوں نہیں دانۂ اسپند!

ڈاکٹر ظ انصاری

قلندر کا لہو ترنگ

"فطرت لہو ترنگ ہے، غافل، نہ جلترنگ"
(اقبال)

اقبال کو اچھی سے اچھی صحبت نصیب تھی، اپنے شہر میں اور شہر سے باہر ملک کے دوسرے حصوں میں: امیر کبیر، والیانِ ریاست، وزیر، بیرسٹر، جج، بہترین اہلِ قلم، اہلِ علم، سیاست داں، شاعر، صوفی، صحافی، پروفیسر، اور وہ جو اپنے ہم نشینوں کے وارے نیارے کر دیتے ہیں۔ مگر ہمارا شاعر، کہ

گدائے گوشہ نشین است و دل غنی دارد

ہمیں، جب اپنے باطن کی صحبت میں بلاتا ہے، فرضی ناموں کے روپ دھار کر، مہر، علامہ، حکیم الامت، ڈاکٹر، ترجمانِ حقیقت، شاعرِ مشرق کے سارے خطابوں کے چولے اتار کر جب ہم سے ملتا ہے تو پھر وہ کچھ اور ہی ہے۔ وہ "زندہ رود" ہے، بہتا دریا۔ چاندنی میں موجیں مارتا، سارے دوپہر میں آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا، "وہ بڈھا بلوچ" ہے اپنی معنوی اولاد کو آزادانہ جینے کی نصیحت کرتا ہوا:

جس سمت میں چاہے صفتِ سیلِ رواں چل   وادی یہ ہماری ہے، وہ صحرا بھی ہمارا

وہ وادیٔ کشمیر کا "ضیغمِ لولابی" ہے۔ درد بھرے لہجے میں روزِ حساب طلب کرنے والا:

ہے کہاں روزِ مکافات اے خدائے دیر گیر؟

وہ "محرابِ گل" افغان ہے، حیرت و غیرت کا مارا، جسے زندگی اور موت کے دوراہے پر دو ٹوک فیصلہ کرنا ہے

خلعتِ انگریز   یا   پیرہنِ چاک چاک؟

اقبال کی تمنا تھی کہ وہ رسول اللہ کی پیروی کرتے ہوئے ۶۳ برس کی عمر میں دنیا سے رخصت ہوں۔ ساٹھ کے پیٹے میں تھے اور بینائی رخصت ہو رہی تھی جب انھوں نے بڈھے بلوچ، ضیغم لولابی اور محراب گل کی آنکھوں سے

اس طوطا چشم دنیا کو دیکھا اور ہمیں اپنے بطون میں کروٹیں لیتے ہوئے "زندہ رود" کا جلوہ دکھایا۔

نقلی ناموں میں یہ اصلی اقبال ہیں، وہ شاعر جو وقت اور مقام، عزت و اکرام، شناخت اور نام کی حدوں سے پار، تن تنہا، زمین کی گیند کو گردش میں دیکھ رہا ہے، ریتیلے بیابان اور چٹیل کوہستان پر اس کی نگاہیں ٹھٹکتی ہیں اور وہاں اپنے سخت کوش ہمزاد نظر آتے ہیں نہ بڈھا بلوچ، اور محراب گل۔ ایک ذی علم عقیدتمند نے دبے لفظوں میں شکوہ کیا ہے کہ:۔

"۔۔۔ پنجابی مسلمانوں کے جذبۂ ایثار و قربانی کے وہ معترف تھے لیکن اجتماعی قیادت کے لئے جس اجتماعی سوچ اور انفرادی نظم و ضبط کی ضرورت تھی، اس سے وہ پنجابی مسلمانوں کو عاری سمجھتے تھے۔ غالباً اسی لئے ان کی نظریں قیادت کے لئے بار بار کوہستان اور صحراؤں کی طرف اٹھتی تھیں۔۔"

فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی

یا بندۂ صحرائی یا مرد کہستانی

مگر نہیں ــــــــ یہاں فطرت کے مقاصد کی نگہبانی کی آڑ میں ہم (ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار۔ ک ۳۳ ص ۲۰) نظری شاعر سے مل رہے ہیں۔ یہ وہ جذبہ ہے جہاں خوشحال خان خٹک، سلطان ٹیپو، نپولین، مہدی سوڈانی، جمال الدین افغانی، اور "محراب گل" نگاہ روبرو ایک صف میں کھڑے ہیں، جوش کردار اور فطرت خوددار کے قد آدم نمونے: پختون، خوشحال خان خٹک[۴] جس نے افغانستان کو مغلوں سے آزاد کرانے کے لئے سرحد کے افغانی قبائل کی ایک جمعیت قائم کی، مرتے دم وصیت کرتا ہے:۔

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے

ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

مغل سے کسی طرح کمتر نہیں

قہستان کا یہ بچہ ارجمند

---

۴ ۱۶۸۷ء عہد اورنگ زیب

کہوں تجھ سے اے ہم نشین دل کی بات
وہ مدفن ہے خوشحال خاں کو پسند
اڑا کر نہ لائے جہاں باد کوہ
مغل شہسواروں کی گردِ سمند

خدا جانے یہ تین صدی پہلے کے افغان شاعر کا روحانی تصرف تھا یا خود اقبال کی روح خوشحال خاں کے بہانے رجز خواں ہوئی! ۔ سربلند پہاڑوں کے دشوار گزار راستے، سرکش پہاڑیوں میں دشوار پسند فطری زندگی، آزادی کی تڑپ، جوانوں کے حوصلے، آتش نمرود میں کود پڑنے کا ولولہ ۔ الفاظ کا دروبست، 'بلند'، 'پسند'، 'سمند' ــــ آوازیں ہیں کہ پہاڑوں میں اٹل فیصلے کے آخری بول کی گونج۔ "اڑا کر نہ لائے جہاں ......" وہ فضا طاری ہے۔ اس شعر پر جو' عجب نہیں کہ خوشحال خاں کو دفناتے وقت آزاد آفریدی قبیلہ کے تن بدن میں لہو کی گردش کے ساتھ طاری ہوئی ہو۔ جب جوانوں نے نیام سے سونت کر، تلواروں کی دھار پر بوسہ دیا تھا۔

یہ زمین اقبال نے بہت کم استعمال کی ہے اور یہ قافیہ خال خال، ہر بار بلا ردیف تاکہ بیان کی آزادی میں رکاوٹ نہ پڑے۔ ہر بار کج کلاہی کے موڈ میں، شانِ بے نیازی کے ساتھ:

درویشِ خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی
گھر میرا نہ دلی نہ صفاہاں نہ سمرقند

ضیغم کولابی اسی عالم میں کہتا ہے :۔

سمجھا لہو کی بوند اگر تو اسے تو خیر
دل آدمی کا ہے فقط اک جذبۂ بلند
جس خاک کے ضمیر میں ہے آتش چنار
ممکن نہیں کہ سرد ہو وہ خاکِ ارجمند

خوشحال خاں کی زبانی پانچ شعروں کی یہ نظم یقیناً اقبال کو بڈھے بلوچ اور ضیغم کولابی اور محراب گل کا پتہ

اور لباس دے کر گئی۔ پہلا مصرعہ ہی ہمیں پس منظر دکھا دیتا ہے، ہمارے مصوّر نے "۔۔۔
"تجھے چھوڑ کے جاؤں کہاں؟" میں گرد و پیش کا منظر، صورت حال کی نزاکت، فیصلہ کن لمحے دونوں وقت ملنے کی فضا بن کہے، بہت کچھ کہہ دیا۔

سوکھی پہاڑیوں سے دھوپ اپنا دامن سمیٹ چکی۔ شام کی سُرمئی چادر پھیلنے لگی۔ کوہ دمگو پر سناٹا اترنے لگا۔ ساتھی کچھ بچھڑ گئے، کچھ ستا رہے ہیں۔ ہر طرف عالم تنہائی ہے۔ سرکش افغان سر اٹھا کر چوطرف چٹانوں کو مسرت سے دیکھتا ہے۔ پگڈنڈیاں بل کھاتی، دبتی، اچھلتی، دور نکل گئی ہیں۔

دَرّہ خیبر کی طرف سے پکی سڑک پہاڑیوں کا سینہ چیرتی چپکے چپکے آزاد قبائل کی چھاتی پر چڑھی چلی آرہی ہے۔ کل شام الاؤ کے گرد بیٹھے افغان جنگجو سرگوشی کر رہے تھے۔

چند قبائلی سرداروں سے انگریزی حکومت کے ایجنٹوں کی خفیہ بات چیت کے چرچے ہیں۔ کیا خبر، کس لمحے پسپائی کی جنگ سودے بازی میں الجھ کر ٹھنڈی پڑ جائے، کیا خبر، کب گولی کا جواب گولی سے ملنے کے بجائے بندھی ٹکی رقم ملنا طے ہو جائے۔ دربار لگے۔ کفن بردوش قبائلی کو تبسم، تھیلی اور خلعت سے نوازا جائے۔ سڑک اس طرف جاتی ہے۔ پگڈنڈیاں دوسری طرف، جہاں آدھے پیٹ روٹی اور پھٹے پیراہن پر بسر ہوتی ہے۔ دُور دُور لوہار کی بھٹی میں لوہا گلایا اور ہتھیار ڈھالا جاتا ہے۔ ایک کاندھے میں بندوق اور دوسرے میں سوکھی روٹی اور ایک جوڑ کپڑے کا بقچہ لٹکائے جوان اور بچے گھومتے ہیں۔ مگر میرے پُرکھوں کی مٹی تو یہاں اِن چٹانوں میں دبی ہے۔ یہاں، جہاں خلعت اور خستہ حال کمبل کے درمیان سرحدی لائن پڑے گی! آسائش اور آزمائش کے درمیان دیوار کھڑی ہوگی۔ اے جفاکشوں کے سنگیں وطن

میرے کہستاں ۔۔۔ تجھے چھوڑ کے جاؤں کہاں؟

"میرے کہستاں" ایک صحرا یہ گُل کی نہیں ۔۔۔ فطرت کی گود میں پلنے والے ہر اس فرزند کی آواز ہے۔ جو صدیوں سے اپنے آب و جد کی خاک "چومتا رہا ہے۔ جو اپنے آبائی خطّے سے بندھا رہا ہے، جسے مال اور مشین کی آمد نے گھر سے بے گھر نہیں کیا ۔۔۔ اور ایک بار دامن چھوڑ کر اٹھا تو پھر چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا۔ یہ جان گداز سوال کا سوال انسانی تمدن کی تاریخ میں کتنی بار گونجا قبیلوں اور قوموں کو بانٹ گیا ۔۔۔ "جاؤں کہاں"؟

چتوڑ گڑھ کے جانباز راجپوت بیل گاڑیوں پر گھر بار لاد کر نکلے اور چار صدی تک خانماں برباد پھرتے رہے ان کے بھائی بندوں نے چاک چاک پیراہن کی جگہ خلعت پہنا اور اختیار حکومت میں شریک ہو گئے۔

اے مرے فقرِ غیور، فیصلہ تیرا ہے کیا؟

"فقرِ غیور" یہ محض ایک اصطلاح نہیں، اقبال کی روح کا اصلی پیرہن ہے۔ "محراب گُل" تنہائی کے فیصلہ کن لمحے میں اسی "فقرِ غیور" کو اپنا سرمایہ شمار کرتا ہے۔ "بڈھا بلوچ" بیٹے کو یہی وراثت سونپتا ہے:۔

ہو تیرے بیاباں کی ہوا تجھ کو گوارا

اس دشت سے بہتر ہے نہ دلّی، نہ بخارا

- - - - - - - - - - - -

غیرت ہے بڑی چیز جہانِ تگ و دو میں

پہناتی ہے درویش کو تاجِ سرِ دارا

جب روپے کی ریل پیل ہو۔ جہاں سونے چاندی کا مول تول ہو، وہاں یہ "فقرِ غیور" چٹان کی طرح سر اٹھا کر مستقبل کا سامنا کرتا ہے۔

اب ترا دور بھی آنے کو ہے اے فقرِ غیور،

کھا گئی روحِ فرنگی کو ہوائے زر و سیم

بڈھا بلوچ بیابان کی ریت میں پلا، محراب گُل، کوہستان کے پتھروں میں اور ضیغم لولابی" وادیِ لولاب کے چھپّے چھپّے، شفاف چشموں کے کنارے آزادانہ جینے کی تمنا ان کے سینوں میں ریت، پتھر اور پانی کو ایک سا گلے لگاتی ہے:۔

اے بیاباں کے فرزند،

جس سمت میں چاہے صفتِ سیلِ رواں چل،

اے میرے کہستان۔

خاک تری عنبریں: آب ترا تابناک

اے وادیٔ لولاب۔

پانی ترے چشموں کا تڑپتا ہوا سیماب
مرغانِ سحر تری فضاؤں میں ہیں بیتاب

سلطان ٹیپو نے وصیت کی تھی:

اے جوئے آب بڑھ کے ہو دریائے تند و تیز
ساحل تجھے عطا ہو تو ساحل نہ کر قبول

بڈھا بلوچ نصیحت کرتا ہے۔

محروم رہا دولتِ دریا سے وہ غواص
کرتا نہیں جو صحبتِ ساحل سے کنارا

اور محراب گل سوچتا ہے۔

افغان باقی، کہسار باقی

محرم خودی سے جس دم ہوا فقر
تو بھی شہنشاہ، میں بھی شہنشاہ
قوموں کی تقدیر وہ مردِ درویش
جس نے نہ ڈھونڈی سلطاں کی درگاہ

ملّا زادہ ضیغم لولابی آہ بھرتا ہے:

بیدار ہوں دل جس کی فغانِ سحری سے
اس قوم میں مدت سے وہ درویش ہے نایاب

اے وادیٔ لولاب

تینوں فرضی کرداروں کے روپ میں شاعر اپنے آپ سے مخاطب ہے۔ وطن کا ایک تصور چھوڑنا چاہتا ہے، وطن کا دوسرا تصور اُنہوں کے پار ہے۔ پانی کی روانی اور فقر کی بے نیازی بار بار اس کے تخیل کو اُچھالتی ہیں اور یہی دو لفظ (پانی اور فقر) اور ان کے تلازمے، موج، ساحل، بھنور، شاہین، خلوت، چٹان، درویش ایک دوسرے کے گلے میں باہیں ڈالے پھر رہے ہیں۔

فقر کا ہے سفینہ ہمیشہ طوفانی

اقبال کی شاعری کا خاص نشان "شاہین" (Eagle) مانا گیا ہے "شاہین" کی جلالی صفات کا روپ دھارتا ہے تو پھر یہ شاہین مرد درویش ہے یہ شاعر بے نوا ہے۔ ایک گدائے غنی!

پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں

کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ (شاہین۔ بالِ جبریل ۱۶۵)

اقبال نے ایک ذاتی خط میں لکھا تھا:—

"..... شاہین کی تشبیہ محض شاعرانہ نہیں اِس جانور میں اسلامی فقر کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں اِنحودار اور بغیرت مند ہے کہ اور کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا، بے تعلق ہے کہ آشیانہ نہیں بناتا، بلند پرواز ہے، خلوت پسند ہے، تیز نگاہ ہے"!

یہاں اِن لفظوں میں دیکھیئے، خلوت کی بے ہمگی کا عالم ہے گہری سوچ ہے۔ آرزو میں ڈوبی ہوئی:۔

نصیب خطّہ ہو یارب وہ بندۂ درویش

کہ جس کے فقر میں انداز ہوں کلیمانہ

آہ یہ قوم نجیب وچرب دست وتر دماغ!

خضر سوتا ہے وُلر کے کنارے

چھپے رہیں گے زمانے کی آنکھ سے کب تک؟

گہر ہیں آبِ وُلر کے تمام یک دانہ

یہ ضیغم لولابی ہے کشمیر کا بحران نصیب شاعر "وُلر" کی ساگرسمان جھیل کے کنارے زمانے کی آہٹ پر کان دھرنے والا شاہین۔

وہی جواں ہے قبیلے کی آنکھ کا تارا

شباب جس کا ہے بے داغ، ضرب ہے کاری

یہ محرابِ گُل کے الفاظ ہیں اور ہم قبیلہ خوشحال خاں کی وصیت کی یاد دہانی :-

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

اقبال خود کو نہ کشمیری پیرہن میں چھپا سکے، نہ افغانی پیرہن میں۔ کم عمر بیٹے جاوید کو یہی دعا دی :-

خدا کرے کہ جوانی تری رہے بے داغ!

ان تینوں کرداروں کی زبانی شاعر نے جو اپنی آتما کے پرت کھولے ہیں ان میں خودداری، غیرتمندی، اور بلند پروازی کی صفات جگمگا رہی ہیں۔ آخر انھوں نے فقرِ غیور کو عین اسلام کہہ کر جی ٹھنڈا کرلیا۔(۴۳) آخر ایسی کیا بات ہے کہ شاعر اپنی عمر کے بالکل آخری برسوں میں جب شاعرانہ کلامی کے عالم میں ڈوبتا ہے تو بیابان، کوہستان، اور گل پوش وادی سب میں اس کے دل کی کیفیت ایک سی نظر آتی ہے۔ تن تنہا۔ "فقر" کا لبادہ اوڑھے وہ اس "کہستان" میں کھڑا ہے، جہاں نہ لالہ و گل ہیں نہ بلبل ـــ شاہین اور چرغ یہاں اُترتے ہیں۔

رہِ دراز سے ہے تو منزلِ شاہین و چرغ

وہ "چرغ" ہرے بھرے میدانوں اور سبزہ زاروں سے کنارہ کرنے والا شکاری پرندہ اُردو کی گُل و بلبل والی بستی میں اس سے پہلے کبھی نہیں اترا تھا، وہ محرابِ گُل کا ہمدم و ہمنوا ہے۔

مقام وہ کہ :- لالۂ و گُل سے تہی، نغمۂ بلبل سے پاک

یہاں دلنوازی نہیں دلگیری ہے، دلجوئی نہیں، دلاوری ہے۔ پکار کی کیفیت ہے ہم قبیلہ جوانوں کے لئے وہ پکار جو رخصت طلب شاہین کے حلقوم سے نکلتی ہوگی حسرت و ارمان کی سیٹیاں بجاتی ہوئی ۴۴

---

۴۳ لفظ "اسلام" سے یورپ کو اگر کد ہے تو خیر ۔ دوسرا نام اسی دین کا ہے "فقرِ غیور" (ضربِ کلیم ص۳۰)

۴۴ لسانیات کے ایک عالم پروفیسر گوپی چند نارنگ نے چند برس پہلے اقبال کی صوتیات پر ایک مقالے میں دکھایا ہے کہ ان کے یہاں صفیری sibilants اور مسلسل آوازوں کا اوسط ہنکاری (بھ، چھ ....) سے کہیں زیادہ ہے۔ اردو کے کسی شاعر کے کلام میں اتنی صفیری اور مسلسل آوازیں نہیں ملتیں، ان آوازوں نے اقبال کے آہنگ میں ایک غیر معمولی غنائی کیفیت، رجائی فضا اور پکار کی سی کیفیت پیدا کردی ہے۔ ہم معنوں اور علامتوں میں بھی وہ صفیری اور مسلسل آوازوں والے الفاظ چنتے ہیں جیسے: شکرا، باز، عقاب میں سے شاہین۔

بحر وہی ہے جو ہم "مسجد قرطبہ" نظم میں سن چکے ہیں :۔

سلسلۂ روز و شب نقش گرِ حادثات

جذبات کی جس بے مثال رفعت (INSPIRATION اور ELEVATION) سے شاعر وہاں، وطن سے ہزاروں کوس دور آشنا ہوا تھا، وہی رفعت یہاں کہستان میں اسے میسّر ہے ـــ

ـــ "میرے کہستاں! یہ سلسلۂ روز و شب!

اے افغان، سلسلۂ روز و شب کا اثر دیکھ!

رومی بدلے، شامی بدلے نہ بدلا ہندوستان

تو، بھی اے فرزندِ کہستاں، اپنی خودی پہچان

اپنی خودی پہچان

او غافل افغان!

یہ نظم نہیں ـــ فریاد کی ایک لَے ہے۔ شاداب، رواں دواں۔ محراب گُل اور ضیغم لولابی بھی اسی پرتال دے رہے ہیں :

مُلّا کی نظر نورِ فراست سے ہے خالی

بے سوز ہے میخانۂ صوفی کی مئے ناب

اے وادیٔ لولاب

محراب گُل کہستان کا پروردہ اپنی دھرتی کے سپوت کو پکارتا ہے تو مٹی پانی کی طرف ـــ

موسم اچھا، پانی وافر، مٹی بھی زرخیز۔ جس نے اپنا کھیت نہ سینچا وہ کیسا دہقان

اپنی خودی پہچاں

او غافل افغان

اور گلپوش، ہری بھری وادی کا فرزند اپنی وادی سے والہانہ خطاب کرتا ہے تو پھر شفاف پانی پیش نظر ہے :۔

پانی ترے چشموں کا تڑپتا ہوا سیماب

وہاں نہ گل تھے، نہ بلبل، یہاں پانی پر صبح کے چہچہاتے پنچھی ہیں۔ بظاہر علاقے مختلف ہیں بحروں میں بھی فرق آ گیا لیکن روانی بحرین، قدرتی سوت کی طرح آپ سے آپ ابل پڑتی ہیں۔ ان کا بہاؤ دن چھپتے، دونوں وقت ملتے، شاعر کی روحانی کیفیت کے ساتھ ہم آہنگ ہو گیا ہے — اور افغانوں کی عوامی موسیقی کو سنگت دے رہا ہے:

میرے کہستاں! تجھے چھوڑ کے جاؤں کہاں!

یہ مصرعہ نہیں نظم ہے، ستار یا سرود کی الاپ ہے۔ پہلے مصرعہ کے بعد اگر ہم اس نظم کا آخری مصرعہ

خلعتِ انگریز یا پیرہن چاک چاک؟

پڑھ کر آنکھیں موند لیں تو فضا میں دیر تک تار جھنجھناتے رہیں گے؛ آواز کی لہریں ہیں اس نظم کی پوری کیفیت پہنچاتی رہیں گی، ہم سوچتے رہ جائیں گے۔

حفظِ بدن کے لئے روح کو کر دوں ہلاک؟

حفظِ بدن کے لئے —— خلعتِ انگریز؟

روح کو کر دوں ہلاک یا پیرہن چاک چاک؟

خلعت، پیرہن چاک اور انگریز — یہ سب استعارے ہیں۔ اِن لفظوں کی لب طاالٹ چکی، استعاروں کے فانوس روشن ہیں۔ ان فانوسوں میں شاعر کا خونِ جگر جل رہا ہے۔

کہیں یہی تو مطلب نہیں تھا اُس مُغنیِّ آتش نفس کا، جب اس نے کہا؟

نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر

نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر!

his attack on capitalism

گیا دورِ سرمایہ داری گیا   تماشا دکھا کر مداری گیا

(ساقی نامہ : بال جبریل)

He revolted against tyranny and exploitation, believed in the brotherhood of man, and was vehemently against narrow nationalism. All these elements combined to form his faith in man's capacity for limitless development and his unique place in the universe, which he artistically expressed through his poems and which give his poems a universal appeal. In his case it cannot be said that his 'poetry is the reality, his philosophy the illusion'. He remained true to his faith in the dignity of the individual and of human labour; in the unity of brotherhood of man; and in his aversion to exploitation of all kind and to the narrowness of any religion.

In his New Year's message on January 1938, a few months before his death, in a broadcast from All India Radio, Lahore he said :

> Only one unity is dependable and that unity is the brotherhood of man which is above race, nationality, colour or language. So long as this so-called democracy, this accursed, nationalism and this degraded imperialism are not shattered, so long as men do not demonstrate by their actions that they believe that the whole world is the family of God, so long as distinctions of race, colour and geographical nationalities are not wiped out completely, they will never be able to lead a happy and contented life and the beautiful ideals of liberty, equality and fraternity will never materialise. Let us therefore being the New Year with the prayer that God Almighty may grant humanity to those who are in places of power and government and teach them to cherish mankind". (Speeches and Statements 222).

He died in April 1938, with 'a smile on his lips' to quote his own verse. The days of this *Faqir* came to an end.

سرآمد روزگار ایں فقیرے   دگر دانائے راز آید کہ نہ آید

(حضور حق ارمغان حجاز : لاہور ۱۹۲۸ء)

Such was the great man add the poet whose birth centenery we are celebrating today.

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

(طلوع اسلام : بانگ درا)

The few rambling thoughts on Iqlal's life and work that I have put before you this evening are my respectful homage to that voice full of wisdom and melody which is not subject to mortality and the ravages of time.

blending of mystical and the profane meaning, ambiguity of symbols, stress on pessimistic aspects of life—expression of languish, hopeless sighs of frustrated lovers'. (Gabriel's Wing 369) Iqbal wanted poetry to be optimistic.

Iqbal put forward a new doctrine of *Khudi* 'Self' personality, ego, with a positive meaning. He therefore attacked Plato's idealism, and Hafiz's idle dreaming. He claimed to be the poet of tomorrow.

> I have no need of the ear of today.
> I am the voice of the poet of tomorrow.

For him :

> The end of the ego's quest is not emancipation from the limitations of individuality, it is, on the other hand, a more precise definition of it. The final act is not an intellectual act, but a vital act which deepense the whole being of the ego, and sharpens his will with the creative assurance that the world is not something to be merely seen or known through concepts, but something to be made and re-made by continuous action". (Iqbal : Reconstruction of religious thought in Islam, Lahore, 1958, p. 197) He considered it his mission as a poet to challenge the forces of reaction, inertia and stupor. He said:

> The spiritual health of a people largely depends upon the kind of inspiration that their poets and artists receive. But inspiration is not a matter of choice. It is a gift, the character of which cannot be critically judged before accepting it. The inspiration of a single decadent, if his art can lure his fellows to his songs, may prove more ruinous to a people then whole battalions of an Attila or Chengiz... (Foreword to Muraqqa-i-Chagtay)

Asrar-i-Khudi was followed by the publication of *Rumuz-i-Bikhudi* in 1917/1918. Both these poems are significant for the message they deliver. His poetic art too hard been maturing by now, and the Persian poems that followed —Payam-i-Mashriq, Zabur-i-Ajam (Psalm of East) and *Javid Namah* show the perfect blending of poetry and philosophy, and can be classed as great classics. After there he turned to Urdu Poetry again and published *Bal-i-Jibrail* in 1935, and other collection of Zarb-i-Klaim in 1936.

Iqbal as a poet has an assured place in the realm of great literature with the vast range of his poetry : lyrics, epics, satires, elegies, odes, covering a wide variety of subjects and fellings, from the common place to the historically sublimes. But he is great as a thinker also, while in Europe he was greatly influenced by the Russian Revolution. His interest in the rights of people is illustrated by :

سلطانی جمہور کا آتا ہے زمانہ — جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹادو
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی — اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلادو

(فرمان خدا : بال جبریل، لاہور ۱۹۳۶ء)

دیار مغرب کے رہنے والو خدا کی بستی دکاں نہیں ہے
کھرا جسے تم سمجھ رہے ہو وہ اب زرِ کم عیار ہوگا
تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخِ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپایئدار ہوگا

(غزل: بانگ درا)

He had already warned his own countryman in 1904. before he left for Europe :

وطن کی فکر کر ناداں مصیبت آنے والی ہے
تری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں
ذرا دیکھ اس کو جو کچھ ہو رہا ہے ہونے والا ہے
دھرا کیا ہے بھلا عہد کہن کی داستانوں میں

(تصویر درد : بانگ درا)

He has respect for all religions. Every one is aware of his famous lines : Tarana-i-Hindi.

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا ہندی ہیں ہم وطن ہیں ہندوستان ہمارا

(ترانہ ہندی : بانگ درا)

As I have already mentioned, Iqbal was a rare combination of a poet, philosopher, a man of action and public affairs. He has an eminent educationlist-Dean of the Faculty of Oriental Studies and Chairman of the Department of Philosophical Studies, Punjab University actively connected with Islamia College, Lahore and the Jamia-Millia, Delhi. He took keen interest in all educational reforms.

He joined active politics as a member of the Punjab Legislature Assembly in 1927, and was President of the Muslim League in 1931. He attended the Round Table Conference in London, in 1931 and 1932. He was a close associate of Jinnah. In a way he was associated with the Pakistan scheme. He, unfortunately died much before Pakistan became a reality. He could never have endorsed the religious fanaticism and political chauvinism, which accompanied the ultimate pursuit and the realisation of the scheme, and which resulted in much blood-shed, anguish and agony on both sides.

His greatness as a poet lies in his break with the earlier tradition of Urdu and Persian poetry. He gave new meaning to the traditional symbols used by classical Persian and Urdu poets, such as the rose, the nightingale, the moth and the candle, even though he used the classical style. His object was a fresh meaning. He used, instead of the rose, the tulip which was abundant in Kashmir as the symbol of the ego, symbolising the yearning for manifestation like the flame of Sinai.

The first great event of his poetic career was the publication of his poem *Asrar-i-Khudi* in 1915, which greatly disturbed the pseudo mystics: As Schimmel has said ; 'He did not believe in mysticism under the cloak of which there was

" All human art must be subordinated to this final purpose (i.e Life), and the value of everything must be determined in reference to its life — yielding capacity. The highest art is that which awakens our dormant will-force and nerves as to face the trials of life manfully. All that brings drowsiness and makes us shut our eyes to Reality around, on the mastery of which alone Life depends, is a messsage of decay and death. There should be no opium-eating in Art. The dogma of Art for the sake of art is a clever invention of decadence to cheat us out of life and power." (Javidnama I 1168).

